خزینۂ خیال (دیوانِ ماہرؔ)

تصنیف

خدائے سخن خلاقِ معانی نواب مولانا سید مہدی حسین ماہرؔ اجتہادی

ناشر

نور ہدایت فاؤنڈیشن

حسینیۂ حضرت غفران مآبؒ، مولانا کلب حسین روڈ، چوک،

لکھنؤ-۲۲۶۰۰۳ (یو۔پی)۔انڈیا

Noor-e-Hidayat Foundation

Imambara Ghufranmaab, Maulana Kalbe Husain Road,

Chowk, Lucknow-3 INDIA

Website: www.noorehidayatfoundation.org

www.naqeeblucknow.com

E-mail: noorehidayat@gmail.com, noorehidayat@yahoo.com

Ph:0522-2252230Mob :08736009814,09335996808

بعون خالق الزمن و خالق صنائع کون و مکان

درین زمان میمنت اقتران دیوان عدیم المثال مسمی باسم تاریخی

خمخانهٔ خیال

۱۳۱۲ھ

بحسن اہتمام و تصحیح تمام جناب داروغہ سید محمد عرف چھمن صاحب

در مطبع احمدی واقع لکھنؤ بکمال آرایش و زیبائش مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شعر ۵	ردیف الف	غزل ۱

فگار دل ہی ہر اک حزین کا سخن سنتا ہے یہہ کس حسین کا

جگر ہو زخمی ہر اک نگین کا مزا یہہ ہے حرف دلنشین کا

ہے سبکو غم تیرے ہمنشین کا اوداس گھر ہے ہر اک مکین کا

نہین ہے مرقد تیرے حزین کا پھٹا ہے غم سے جگر زمین کا

نہ دل ہو کیون شاد چرخ کین کا مکان تیار ہے مکین کا

جو دفن لاشہ ہو مجھہ حزین کا بھر آئے زخم جگر زمین کا

نہین سویدا دلِ حسین کا وہی تو ہے حرم اوس نگین کا

جو داغ ہے یہان دلِ حزین کا وہ صاف شیشہ ہے ذرّہ بین کا

ٹپک رہا ہے عرق جبین کا یہ رنگ گلشن ہے رُخِ حسین کا

ملال لائے ہو کیا کہین کا بگڑ کے فرمایا ہان وہین کا

سفر جہان سے وہ مجھ حزین کا ہجوم وہ رہزنانِ دین کا

کیا مسافر نے رُخ زمین کا ملا نہ جب راستہ کہین کا

دُھوان یہ ہے آہ آتشین کا مکان ہے تاریک ہر مکین کا

بُجھا ہے دل جب سے مجھ حزین کا چراغ جلتا نہین کہین کا

نہ پوچھ تو دین زاہدون کے سمجھ لے خود کسکے ہین یہ بندے

کیئے ہین از بسکہ زر کو سجدے بنا ہے درہم نشان جبین کا

گُنہ سے ہون مثلِ کوہ نادم نہ کیون ہو سیلاب مجھکو لازم

رہی نہ اک قطر جہان مین سالم عرق سے گرمی جبین کا

نہ کیون ہو سکتا سا مجھپہ طاری گنہ سے طرفہ ہے شرمساری

مثال فوارہ ہائی جاری گیا قدم تک عرق جبین کا

نہ تر ہو کیون اب زبان محشر ہون شرم عصیان ہائے

لپٹ گئے تشنگان محشر عرق جو دیکھا مری جبین کا

ثنا تو اونکی ہو کچھ رقم بھی اوٹھے مگر ہاتھ مین قلم بھی

کہ وہ ہستی بھی ہی عدم بھی محل سے ہے ہان کا نہ کچھ نہین کا

یہان ہوا رخ چمن مین روشن وہان ہوئی صبح شام سوسن

نہ کیون ہو اب سنبلون کو اولجھن کھلا ہے بل زلف عنبرین کا

غضب تھے بیدرد اہل دنیا ہر ایک خورشید حشر سمجھا

گیا فلک پر جو اوڑکے پھاہا مرے کسی داغ آتشین کا

فلک پہ منہ مہر کا پھرا ہے سبب تو دیکھوں کہ اسکا کیا ہے
یقینی پھاہا سرک گیا ہے مرے کسی زخم آتشین کا

تمہارے مستونکی جب بنی تھی سمائی محشر کی روشنی تھی
وہ دھوپ تھی سر پہ چاندنی محشر یہ نشہ تھا جامِ آتشین کا

بتا ہی دیں یوں زخم سے اپنا زمیں پہ کر دھوپ دن کا سایا
لقب ہے خورشید حشر جسکا وہ پنبہ ہے داغ آتشین کا

نہیں ہے محشر کی صبح روشن ہوئی ہے ظاہر حرارتِ تن
اوڑھا ہے کافور بعد مردن یہ مرہم داغ آتشین کا

تو ہی بتا مصحفی سے یادل نہیں حبابوں میں موج کو کل
کبھی مری آنکھ سے بھی اک پل جدا ہوا چاک آستین کا

شبِ جدائی میں وائے قسمت پھٹا گریبان سحر کی صورت

جسے سمجھتے تھے دست وحشت بنا وہی مار آستین کا

کہا جو ساعد کو شمع ہمنے سبب یہی تھا جو کوئی سمجھے

اونھین جو خود حسن شبکو دیکھے جلے کنول کیون نہ آستین کا

نہ میرے آنیسے کیون ہو ہلچل کہ خود ٹپکتا ہون سر کو ہر پل

نکھاؤن افعی کی طرح کیون بل بنا ہون مار اپنی آستین کا

فلک سے میکا یہ دل تو ہولے جو کوئی بگڑا تو ہم نہ بولے

مثال تصویر لب نہ کھولے چڑھانا آیا نہ آستین کا

عجب زمانہ ہوا ہے ابتر کہ پست فطرت ہین نام آور

زلال کیونکر نہو مکدر عروج ہے دُردِ تہ نشین کا

فن محبت مین تھے جو کامل رہے وہ آتش مین بھی تو شامل

سپند آسا جلا دیا دل اشارہ پایا جو ہم نشین کا

مگر مین تسبیح کا ہون دانا جو اسکو کھونا تو اوسکو پانا

ہزار پھر تا رہا زمانا فراق دیکھا نہ ہم نشین کا

مثال دندان پیر بیدم ہین بھی احباب کا ہے وہ غم

بغیر باندھے نہ تھم سکے ہم فراق دیکھا جو ہمنشین کا

یہہ پیچ تھے تیرے دل جلون کے کہ جس سے چھوٹے ہین دل یلونکے

کھلا نہ دیوون سے جنگلون کے وہ بل تھا شاخ غزال چین کا

جہان مین وحشی جسیم ہین جسم بھر مین نہ زور ونکا انپر کیون دم

مرُوڑ سے شاخ جب ہوئی خم نکلگیا بل غزال چین کا

جنھین ہے دست وقلم پہ تکیہ او نھین یہ کافی ہی بس یہ نکتہ

کیا جہان مین جو نام پیدا سیاہ منُھ ہو گیا نگین کا

جہان مین کر دونون باتین پیدا بغیر اسکے نہ نام ہو گا

جو آئے مہرون کا تجھ سے کاہ غصا تنہا بھی تو نگین کا

بنی نگیون تم ہون مثل خاتم او ٹھا سے پتہ مہر یار کا

نگیون تو اصنع سے ہون مکرم نشان سے پشت نگین کا

کسی نامی سے ہو مقابل ہمیشہ نقل اصل سے ہے باطل

شرف وہ کاغذ کو ہو نہ حاصل و نا ے چھاپہ بھی گو نگین کا

اگر ہے نام و نشان کا جویا ابھی قوی سے ضعیف ہو جا

بڑھا زمانہ مین نام اوتنا گھٹا بدن جسقدر نگین کا

کمال سے گر تجھے ہے بہرہ جہان مین کر کسر نفس شیوہ

نیا ہوا نام اور پیدا جھکا جو کاغذ پہ سر نگین کا

ملے اونہین کے نہ ہمکو مدفن جو خود تھے نام و نشان مسکن

کیا یہ آخر کو نام روشن چراغ سے جلنے لگا نگین کا

یہ کون شی تھی جہان مین نامی جسکی تھی خاطر مدام سے
جو خود بھی تھے خسرو گرامی لیئے تھے دل ہاتھ مین نگین کا
یہ منلے گھری بھی غضب کا ہے غم ہوا ہے ہر سنگدل بھی بیدم
ہوا جو خانہ خراب خاتم او لٹگیا غم سے دل نگین کا
کنہ کا او ترا ہے ٹھیک جامہ غزل نکیون ہو عمل کا نامہ
چلا جہان مین مثال خامہ سیاہ طبقہ ہوا زمین کا
جو سوز غم سی نصیب پھوٹے تو نقب اوڑنے سے قبر چھوٹے
پہاڑ اک ایک لڑ کے ٹوٹے جہان سے طبقہ اوڑے زمین کا
کہو کچھ اب حال اپنے دل کا مین ایکدن جو لحد مین تڑپا
جہان مین اک زلزلہ سا آیا کلیجہ ہلنے لگا زمین کا
کب آئی افسوس اپنی پستی بنائی جب اک مکان کی ہستی

منگا کے دیکھی جو ہمنے دستی نشان ملا کچھ کہین کہین کا
نہ میرا مرنا جو کوئی بھولے فلک کو ایک ایک آہ چھولے
نماز میت پڑھین بگولے اوٹھے جنازہ جو مجھ حزین کا
وہ میرے غم مین ہین محو شیون جلا نہ افسوس قلب دشمن
کیا تو ہمنے کہین کا روشن چراغ جلنے لگا کہین کا
بیان وہ اب کچھ ہین ہونے والے کہ جس سے رو ئین گے رونے والے
لحد مین سوتے ہین سونے والے مکان خالی ہے ہر مکین کا
خیال جنکے دل پھکی ہین عدم مین ہمسے وہی رکے ہین
مکان بھی ڈھونڈھنے جھکے ہین نشان ملتا نہین مکین کا
کسیکا لاشہ تو ایسا ہوے غزالِ صحرا بھی جسکو رو لے
بگولے پیچھے ہین سر کو کھولے جنازہ آگیا ہے مجھ حزین کا

نہ پونچھ حالِ وطن مسافر ہون مثلِ گل بازیون سے آخر
ہے میری سرگشتگی سے ظاہر میں رہنے والا نہین کہین کا

وہ ضعف چلنا وہ منزلون کا بھر آئے کیون دل نہ آبلونکا
پہر پھرنا کہتا ہے قافلون کا کوئی مسافر لٹا کہین کا

نہین ہے ماہر سا بھی بلاکش پھرے نہ کیون مضطر و مشوش
بنا ہے گردش سے دُود آتش نہ آسمان کا ہے نہ زمین کا

بڑھاپا آتے ہی بیگانہ ہر یگانہ ہوا
سحر طلوع ہوئی قافلہ روانہ ہوا

محلّ خوف یہ آخر سیاہ خانہ ہوا
کہ مثل سایہ دبے پاؤن جن روانہ ہوا

طلسم رحم دلی کا بھی کارخانہ ہوا
کسیکے تیر لگا دل مرا نشانہ ہوا

شب وصال سا بھی تیز بادیانہ ہوا
کہ عکس کاہکشان جسکو تازیانہ ہوا

نگہ پڑی تھی کہ بسمل تر از مانہ ہوا
اس ایک تیر سے کس کس کا دل نشانہ ہوا

جنازہ جیسے غریبون کا جب روانہ ہوا
یہ چھایا یاس کا عالم کہ شامیانہ ہوا

گذشتگان کا بیان کر کے مین یہ وانہ ہوا
فسانہ گو تھا جو کل آج خود فسانہ ہوا

نہ غم ہوا تو خوشی مین ہر اک روانہ ہوا
ہمارے آنسوؤن کو کچھ نہ کچھ بہانہ ہوا

فروغ مے ہی فروغ دل یگانہ ہوا
کہ آفتاب سے روشن چراغِ خانہ ہوا

بڑھاپا آتے ہی زورِ بدن روانہ ہوا
یہ ضعفِ تن ہوا رستم زنانہ ہوا

سفر کے ہوتے ہی راحت نے ساتھ چھوڑ دیا
قدم کسیکا بڑھا اور کوئی روانہ ہوا

کمیتِ آخرِ شب کسطرح تھمے اے وصل
کہ جلوۂ خطِ ابیض کا تازیانہ ہوا

بزنگِ بو ہون نہ پوچھو مرے سفر کا حال
ہوا جدھر کی چلی اوسطرف روانہ ہوا

دیئے جو سو تو عوض مین ملے ہزار مجھے
ہوا جو صرف تو مملو مرا خزانہ ہوا

نشان ملا نہ کسیکو ہمارے مسکن کا
غریب خانہ بھی عنقا کا آشیانہ ہوا

ہزارون چھٹگئے قفس مین پر تازہ اسیر
ہمین قفس مین تو صیاد اک زمانہ ہوا

ٹپک کے رزق پہونچنے کا مین ہوا قائل
نصیبِ سبزہ جو شبنم کا آب و دانہ ہوا

رہے نصیب ملی قبر بھی وہ بلبل کو
کہ دامنِ گلِ تر جسپہ شامیانہ ہوا

جنون ہی ہون مین وحشی کہ جس کا نقش قدم
مثالِ سایۂ مرغِ ہوا روانہ ہوا

عدم کی راہ سے اکراہ یہ رہا مجکو
قدم سے غیر کے سوئے لحد روانہ ہوا

تلونون سے نہ اک حال پر کبھی دیکھا
مزاجِ یار بھی نیرنگیِ زمانہ ہوا

کچھ اس ادا سے ملی تارِ سنبلِ پیچان
کہ رخشِ حسنِ گلستان کو تازیانہ ہوا

وہی ہے حسرتِ مردہ کی قبر اے دلِ چاک
کہ جسپہ زخم کی دہن کا شامیانہ ہوا

قفس کی تیلیان سے بارِ گل چکین صیاد
خیال کر تو مری قید کو زمانہ ہوا

بنا کے گھر نہ رہا عنکبوتِ زار مین دم
نفس کا تار بھی کیا صرف آشیانہ ہوا

نفس کے ساتھ جو آہین نکل گئین دل سے
تو رخشِ عمر کو اک اور تازیانہ ہوا

جنازہ لاکے لحد پر ٹپک دیا سبنے
مین بارِ دوش تھا اک دفن بھی بہانہ ہوا

جہان مین حال ہے بس اونکا قابلِ گریہ
جنھین جز اشک میسّر آب و دانہ ہوا

سیاہ بخت وہ ہون جسن اٹھا مرا تابوت — سوادِ شام یہ چھایا کہ شامیانہ ہوا

ہوا ہی منزوی خانۂ حباب ہے غمگین — رہیگا گھر بھی نہ باقی جو مین روانہ ہوا

ہزارون کیفیتین دیکھین نشۂ مے مین — یہہ دورِ جام بھی کیا گردشِ زمانہ ہوا

نہ پوچھو منزلِ ہستی کی خستگی یارو — تڑپ کے رہگئے ہم قافلہ روانہ ہوا

خلاصہ ساری اسیری کا ہی یہ اے صیاد — تباہ ہم ہوے برباد آشیانہ ہوا

کسی نے ہم سے نہ اے بیخودی کہا اتنا — کدھر کا قصد کیا تھا کدھر روانہ ہوا

لگن مین تربتِ پروانہ دیکھکر آخر — جھکا یہ شمع کا شعلہ کہ شامیانہ ہوا

مین عنکبوت سے تار تھا مگر اے ضعف — جدھر کو آہ بڑھی وسطرت ترانہ ہوا

بغیر سعی کشش کے ہوئی نہ شکلِ معاش — ہمارا رزق بھی چیونٹی کے منہ کا دانہ ہوا

اب اس سے بڑھکے ستم ہوگا ہمصفیرو کیا — قفس چمن سے مرا صبحدم روانہ ہوا

مثالِ ساغرِ مے ہین دنی بھی اے مینا — بھر آیا قلب جو خالی ذرا خزانہ ہوا

نگاہ دیدۂ کم مین پیرہی وہ سمند
کہ جسکو جنبش مژگان کا تازیانہ ہوا

مثال سیل نکلی فکر بیخودی مین کبھی
جدہر کو پاؤن بڑہا اوسطرف رواں ہوا

بتاؤن کونسے ہنگام کو مین لے صیاد
ہوئی تھی شب کہ جدا مجھسے آشیانہ ہوا

وہ ناتوان ہون اودہر مین بھی پھڑپھڑا اوڑا
جدہر کو سایۂ مرغ ہوا روانہ ہوا

رہ اوردی یہ نظر آئی کوئی قاتل مین
قدم تھمی تھے کہ سر جسم سے روانہ ہوا

جزای خیر دی حق عنکبوت مرقد کو
بُنے یہ تار کہ تیار شامیانہ ہوا

ہوا یہ حضرت قارون کے بخل کا انجام
کہ نقد ذات تلک داخل خزانہ ہوا

اودھین مین جاملو ماہر تو خوب گذریگی
جنھین نے مانیکو چھوڑے ہوئے زمانہ ہوا

عکس لیلی تری نظرون کے مقابل آیا
قیس آنکھون مین بٹھا صاحب محمل آیا

لے وہ پیکان سر ناوک قاتل آیا
پیشوائیکو بڑھ اے آہ مراد دل آیا

سمجھی لیلی کہ کسی کا شتر دل آیا — کوئی جگنو جو تڑپ کر سوئے محمل آیا

کشش حسن پہ مجنون کا نہ اک دل آیا — کوئی تارا بھی جو ٹوٹا تو سوئے محمل آیا

جاکے مژگان پہ سوئے زلف رسا دل آیا — قیس چنتا ہوا تنکے سر منزل آیا

کہہ تو کچھ قبر مین کسطرح سے مین دل آیا — پاؤن غیرون کے بڑھے مین سر منزل آیا

شوق مین جب طرف کوچہ قاتل آیا — دل جو اچھا بھی گیا یہان سے تو بسمل آیا

انہین آنکھون سے رہ عشق مین یہ بھی دیکھا — راہزن لٹ گئے رہرو سر منزل آیا

دیکھنے حسن کو روحین نکل آئین تن سے — آستین کو جو چڑھاتا ہوا قاتل آیا

وائے بیدردئی مردم کہ زبان اوسکو کہا — آہ کے ساتھ اگر منھ کو میرا دل آیا

دور سے آئی نہ جب کان مین لیلی کی صدا — سایہ کترا کے پس پردہ محمل آیا

زخمی اوٹھ بیٹھے تماشے کے لیے مقتل مین — تیغ ابرو کا تری جب کوئی بسمل آیا

عادتین ہو گئین کچھ اور ادائین کچھ اور — اونکے پہلو سے جو پہلو مین مرے دل آیا

گرہ تار نفس غم نے کھلا کر جو کیا
منھ کو ہر سانس میں سینہ سے مرا دل آیا

موج دریائے محبت نے دکھایا دھارا
دست و پا مار کے جب میں لب ساحل آیا

جانے والو سفر قبر کی سختی دیکھو
بار جان پھینک کے رہرو سوئے منزل آیا

طی رہِ الفتِ محبوب کی یوں مجنوں نے
گاہ دل گاہ سنبھالے ہوئے محمل آیا

زندگی میں تو نہ کچھ حال کھلا الفت کا
جب گئی جان تو سمجھا کہ مرا دل آیا

رکھ دئے قیس نے ہاتھ آنکھ پہ اف ری غیرت
مڑ کے ناقہ کا کبھی جب سر سوئے محمل آیا

وائے قسمت کہ وہاں محمل اغیار رہا
میرے پہلو میں نہ اک دن بھی مرا دل آیا

پردہ گھرا ہوا منظور جہاں لیلی کو
دامن گرد سر پردہ محمل آیا

راہ بھر قیس یونہیں دید سے محروم رہا
جب ہٹی گرد نظر پردہ محمل آیا

خاتمہ کا جو مرے جسم پہ اک وار کیا
ہاتھ سے پھینک کے تلوار کو قاتل آیا

کہ تو کچھ پاؤں کے نیچے تو نہیں مل ڈالا
آج روتا تر کوچہ سے مرا دل آیا

جان اتنی تھی بس پہ مرگ بھی مجھے ہین اے قبر
رہ گئے خضر مگر مین سرِ منزل آیا

تیرے دشمن کبھی تنہائی سی گھبرائے اگر
بیٹھنے کو ترے پہلو مین مرا دل آیا

شور نالہ جو سُنا قافلۂ اشک بڑھا
زنگ بجتا ہوا آیا کہ مرا دل آیا

طبع برہم ہوی گرنے لگی جھک کے لیلی
سایۂ قیس جو بڑھکر سوئے محمل آیا

آنکھین پھوٹین کہ جو پہچانی ہو صورت بھی ذرا
بعد برسون کے جو پہلو مین مرا دل آیا

ناقہ اوڑتا ہوا آئے نہ ترا کیون لیلی
پر پرواز ملے جب تہِ محمل آیا

عشق مین کون سا رتبہ ہوا حاصل یارب
درد تعظیم کو اوٹھا جو مرا دل آیا

دل لیلی کے بہلنے کی جو معلوم تھی راہ
قیس اوڑتا ہوا جگنو سوئے محمل آیا

دلبر وہاتھ سے اسکے مین ڈرا اتھا ایسا
رہ گیا ہلکے کلیجہ جو کبھی دل آیا

ہوگئی دل کو خبر سی جھجک اوٹھی لیلی
سایۂ قیس کبھی گر سوئی محمل آیا

کچھ ہنسی آئی تو کچھ آنکھ سے ٹپکے آنسو
ناز کرتا ہوا مجھسے جو مرا دل آیا

تھا جو منظور نہ اُف کی بھی صدا دین بسمل
سرمہ آنکھوں مین لگائے ہوئے قاتل آیا

کہ تو اے موجِ یمِ عشق مین کیا تھا تنکا
اوڑ کے دھارے مین گیا جب لبِ ساحل آیا

مجھمین ہوش اتنے کہان تھے کہ سمجھتا کھو کر
درد اوٹھا تو مین سمجھا کہ مرا دل آیا

قیس سمجھا کہ اشارے سے بلاتا ہے کوئی
نظر اوڑتا ہوا جب پردۂ محمل آیا

سمجھی لیلی کہ دل داغی قیس آتا ہے
غولِ صحرا جو کبھی جانبِ محمل آیا

لیلی و قیس مین لڑ نیلگین آنکھین جو بہم
صلح کو بیچ مین خود پردۂ محمل آیا

تھے وبالا ہوئی محمل بھڑک اوٹھا ناقہ
کھڑکھڑاتا ہوا مجنون جو سلاسل آیا

غزل ۳	وہ بھی دن آئیگا **ماہر** کبھی جب دل نہ کہین جسکو کھوئے ہوئے بیٹھے تھے وہی دل آیا	شعر ۹

ہوس بغیرِ پسِ مرگ بھی قرار نہ تھا
جہان ہوا تھی وہان کب مرا غبار نہ تھا

نکال جا سے کدورت مین آشکار نہ تھا
مین کب چراغِ تہِ دامنِ غبار نہ تھا

جہان مین درد مرا کیونکہ منتشر ہوتا
زمین پر کسی پہلو تجھے قرار نہ تھا

چھٹی جگہ نہ کبھی مثل مرغ قبلہ نما
تڑپ رہا تھا مگر پھر بھی بیقرار نہ تھا

لحد مین میرے تڑپنے سے یہ ہٹی تھی زمین
مجھے ذرا گلہ تنگی مزار نہ تھا

اوڑا تھا زخم جگر کا مرے کبھی کافور
سفیدۂ سحر حشر آشکار نہ تھا

ذرا سے میرے تڑپنے سے چرخ کو نہین چین
بھلا ہوا کہ مین فرقت مین بیقرار نہ تھا

ہماری کیا دل مضطر مین حسرتین تھمتین
تمہارے ہاتھ کو سینہ پہ جب قرار نہ تھا

ہمارے مرنے پہ ماہر وہ بول وٹھے آننا
ہمین تو تیری محبت کا اعتبار نہ تھا

نقاہت مین ہوا مجکو جو عشق کمر خان پیدا
کیا رنگ پریدہ نے ہوا پر بوستان پیدا

کیا ہی اوس نے کہ دہن مین سے ہمنے نشان پیدا
خدا کی شان ہر بند ہو مین غیب دان پیدا

اگر افشائے راز سوز دل منظور ہو مجھکو
بسان شمع ہو ہر ہر بن مو سے زبان پیدا

وہ شوخِ جنگجو اولٹے نقابِ رُخ جو گلشن مین
شکستِ رنگِ گل سی ہو صدائے الاماں پیدا

وہ بُلبُل ہون کہ لطفِ وصلِ گل پایا اسیری مین
کیا رنگین خیالی سی قفس مین بوستان پیدا

حسینونکو خدا بھی چشمِ بد سی پوشیدہ رکھتا ہے
حجابِ ظلمتِ تن مین ہوا ہے نورِ جان پیدا

زمین پر بیٹھکر اوٹھنا جو مجکو غیر ممکن ہے
ہوا تھا خاک نقشِ پا سی کیا مین ناتوان پیدا

دکھائی بادہ خواری نے ہمین گردش زمانیکی
مگر تھا دورِ ساغر مین بھی دورِ آسمان پیدا

سفر بھی سالکانِ راہِ حق کا اک عبادت ہے
مگر ہے کوس کی آواز سی بانگِ اذان پیدا

وجود اپنا جہان مین کالعدم ہی ناتوانی سے
ہمارے خانۂ تن مین ہے طورِ لامکان پیدا

دکھائے ناتوانی نے ہمین سامان اسیری کے
کہ ہے گردن مین تارِ جیب سے طوقِ گران پیدا

حسینونکی محبت دل مین رکھنے سے گنہ کیا ہے
خدا کے گھر سے جیسے ہمکو ہے عشقِ بتان پیدا

گلُون کے زیرِ پا مجھ دل جلے کو دفن کرتے ہین
کریگی اب نہالِ شمع خاکِ بوستان پیدا

فصاحت اسکو کہتے ہین نزاکت نام ہے اسکا
گلے سے اونکے ہین معنی الفاظِ بیان پیدا

تمہاری چھپکے آئینکا جو پوچھو حال گلشن سے
زبان موج بوی گل سی ہو راز نہان پیدا

سمایا ہے جو عشق اک آئینہ رکو رگ پری مین
لطافت سی کیا ہی جسم نے بھی لطف جان پیدا

غزل ۶ — شعر ۲۱

ازل سی دل مین عاشق عشق خال روی جانان ہے
کیا ہے ابتدا سے ہمکو حق نے نکتہ دان پیدا

نشان موت کی سختی کا آشکار رہا
بجا ہے نصب جو تیرے سر مزار رہا

ہر ایک موی محاسن خضاب دار رہا
بشر سفید بھی ہو کر سیاہ کار رہا

مدام نشۂ عرفان کرد گار رہا
وہ مست ہون کہ جو غفلت مین ہوشیار رہا

ملال بخش مرا آشنا و یار رہا
صفائی نیکے مرے قلب مین غبار رہا

وہ رحم دل ہون کہ تا حشر غمگسار رہا
کوئی گھڑی جو لحد کا جگر فگار رہا

یونہین عروج سی کارہ مین خاکسار رہا
ہوا پہ گرد کو جسطرح انتشار رہا

تنک مزاجی کیا گذرے باوقار نہین
زمین سے دیکھ لے برخواستہ غبار رہا

اثر تھا یہ بھی تڑپتی ہوئی جگر کا مری
مرا غبار رہوا پر جو بیقرار رہا

مری اجل کا تو کچھ حسن بڑھ گیا تم سے
مجھے تمہارا تمھین اوسکا انتظار رہا

ہے انفعال مین گناہون سے تھا دمِ گریہ
کہ تر عرق مین مرے آنسوون کا تار رہا

وہ کون تھا کہ نہ پیسا مجھے سدا جسنے
ہر اک کے ہاتھ سے گل کی طرح فشار رہا

کدورتون کو ترقی ہے کیون دمِ گریہ
بلند بارشِ باران مین کیسے غبار رہا

بکا کو سلسلۂ زندگی نہ کیون سمجھون
نظر مین رشتۂ جان آنسوون کا تار رہا

ہر ایک فصل مین داغِ الم رہے تازہ
مرے چمن مین سدا موسمِ بہار رہا

مین گر گیا یہ ندامت ہوئی عزیزون سے
مرا جنازہ کوئی دم جو اونپہ بار رہا

نہ کسطرح سے کھٹکتا اسے یہ جسمِ نزار
مین زیرِ آبلۂ چرخ مثلِ خار رہا

غم و الم رہے بعد فنا مرے ہمدم
لحد مین بھی نہ مین بے آشنا و یار رہا

نہ اشتیاق تھا فرقت مین اک مجھی کو ترا
ہر ایک روزن در چشمِ انتظار رہا

تسکین کی آس نہو اب مجھے زمانے مین
مین یاس سے یہ ہمیشہ امیدوار رہا

رقم جو حالِ تکدر کبھی کیا مین نے
ہر ایک حرف مین رنگِ خطِ غبار رہا

ہوا نہ زخمِ نہان مندمل کبھی ماہر
گہر کی طرح ہمیشہ مین دل فگار رہا

حشر تک دل سے نہ سوزِ غمِ پنہان نکلا
ہو نہین وہ شمع کہ بجھنے پہ فروزان نکلا

پردۂ لفظ مین مضمون مرا رخشان نکلا
یہ حسین وہ ہے کہ جامے مین بھی عریان نکلا

اشک ہر ایک مثالِ دُرِ غلطان نکلا
دلکی ویرانی سے گنجینۂ پنہان نکلا

ہی جہان تابعِ فرمانِ خطِ عارضِ یار
مور سمجھے تھے جسے ہم وہ سلیمان نکلا

جوشِ غم مین بھی تناسب کا مین پابند رہا
جیب مین ہاتھ نہ کب دستِ گریبان نکلا

اسفلون مین نہین عالی گہرونکی خلقت
دیکھلے چاہ سے کب گوہرِ غلطان نکلا

برقِ آہِ غمِ سوزان جو نکل کر چمکی
دُودِ دل بھی صفتِ ابرِ بہاران نکلا

یہ بھری سر مین شہیدونکے زیارت کی ہوا
باغ سے پھول ہر اک چاک گریبان نکلا

دی ہی جنبش نے ایک پل مین مریضونکو شفا
خود جو بیمار تھا وہ عیسیٔ دوران نکلا

جو ہے بیتاب اسے جامے سے باہر پایا
کب شرر دود کے پردے مین عریان نکلا

سیکڑون قتل امیدین ہوئین لاکھون ارمان
میرا ویرانۂ دل گنج شہیدان نکلا

فرقتِ یار مین دل سینہ سے منھ کو آیا
پا بگل سمجھے تھے ہم سروِ خرامان نکلا

تنِ لاغر مین ہوئے داغ نمایان کیا کیا
خار سے پھول تو پھولون سے گلستان نکلا

چاک ہونیکا یہ وحشت نے کیا تھا خوگر
ہاتھ سینے تلک آیا کہ گریبان نکلا

کسکو ہوتا نہین ہمجنس کی فرقت کا ملال
آگ سے دود بھی نکلا تو پریشان نکلا

حکمتِ حق کے بیان مین نہ کھلی ایک زبان
پیر کیا کیا نہ یہان کودک نادان نکلا

زیست سے تنگ تھا مین مر کے ملا چین مجھے
ملک الموت مرے درد کا درمان نکلا

پاؤن الجھے رہے دامن سے طریقِ غم مین
ہاتھ ٹکڑے کرکے رہ چاک گریبان نکلا

خانۂ دہر سے آخر کو ہوئے سب رخصت
میزباں کون یہاں تھا جو مہماں نکلا

منزل دوست کا پھر کس سے پتا مجھکو ملے
خضر بھی نابلد کوچۂ جاناں نکلا

میرے یوسف سا حسین ایک نہ عالم میں ملا
حسن گو لیکے چراغ رخ تاباں نکلا

ہوں وہ بلبل کہ مری دم سی گلو تک تھی بہار
جب اوڑا ساتھ لیے رنگ گلستاں نکلا

غزل

رخ روشن نقاب اوس نے اوٹھائی ماہر
پردۂ ابر سے خورشید درخشاں نکلا

شعر ۲۱

دل میں کب عشق کے داغوں کو نمایاں دیکھا
ایک غنچہ میں تماشائی گلستاں دیکھا

رنگ صانع کا ہر اک گل سے نمایاں دیکھا
سبزۂ باغ کو خضر رہ عرفاں دیکھا

جانستاں حسن کو پردے میں نہ پنہاں دیکھا
تیغ کو چادر جوہر میں بھی عریاں دیکھا

باغ سے صنعت صانع کو نمایاں دیکھا
ہر رگ گل کو رہ منزل عرفاں دیکھا

بعد عالم میں نہ مٹی ہوئے کچھ دیر لگی
نقش بر آب خط مہر سلیماں دیکھا

ہون وہ غم دوست کہ غم ہے تسلی بھی مجھکو — جمع خاطر ہوئی جب دل کو پریشان دیکھا

منھ کو آیا دلِ پروانہ یہ طرفہ ہے بہار — شمع کو سر تا بہ قدم خندان دیکھا

تو تو ظاہر نہ ہوا حالِ شکستہ میرا — آئنہ ہو گیا جسنے مجھے حیران دیکھا

سایہ مین میرے ہو کیونکر تنِ داغی کی بہار — صرف تصویر مین کب رنگِ گلستان دیکھا

جانبِ وادیٔ عرفان جو کبھی آ نکلے — صورتِ نقشِ قدم خضر کو حیران دیکھا

کان رکھکر نہ کبھی ہمنے سُنی بات اوسکی — آدمیت سے جو خارج کوئی انسان دیکھا

بعد مرنیکے نظر چشمِ قناعت سے جو کی — خاک کے ذروں سے تربت پہ چراغان دیکھا

دی جلا دلکو تو صورت نظر آئی اوسکی — عکس آئینہ مین قلعی سی نمایان دیکھا

حد کسی نے نہ مرے ذہن رسا کی پائی — ہون وہ دریا کہ نہ جسکا کبھی پایان دیکھا

کچھ خبر اپنی نہین یادِ رخِ دلبر مین — خود فراموش کو بھی حافظِ قرآن دیکھا

چمنِ دہر مین جمعیتِ خاطر ہے کسے — بوئے گل کو بھی جو دیکھا تو پریشان دیکھا

منعمو وہ بھی سنا دار فنا مین تمنے
مور نے قبر مین جو حال سلیمان دیکھا

سوزِ غم نے مجھے ہم خصلت پروانہ کیا
بجھ گیا دل نہ اگر شمع کو سوزان دیکھا

کیون نہ گریان صفتِ شمع ہو ان باتون پر
تھے جو دلسوز اونھین قبر پہ خندان دیکھا

کیون نہ سوزِ غم دوری سے ترا قلب جلی
داغ سے سینۂ بلبل گلستان دیکھا

غزل ۸ — شعر ٢٤

دوست جو پھر گئے لے پھول چڑھانا پھر
کیا چراغ سر مدفن کو گل افشان دیکھا

عاشقی مین مرتبہ معشوق کا مل جائیگا
جسم کانٹا ہو کے پھولون مین مجھے تلوائیگا

رنگ آخر کو یہ رنگِ زرد میرا لائیگا
کہربا کیطرح تنکے ایکدن چنوائیگا

شدتِ کاہیدگی سی ماہِ نو بنجائیگا
قدِ پر خم مجھپہ اکدن اونگلیان اوٹھوائیگا

چین لے ساقی مجھے برسات مین کب آئیگا
ابرِ باران برقِ تابان کیطرح تڑپائیگا

بخت اوسے گر قامتِ موزون ترا دکھلائیگا
صحنِ گلشن مین صنوبر شرم سی گڑ جائیگا

ابھی دل وحشت مین دشتِ لامکان کھیلائیگا
ہر فلک اپنے قدم کا آبلہ بنجائیگا

اسقدر رکھی احتیاطِ جسم او خود بین نکر
آئینہ سا تن یہ اکدن خاک مین ملجائیگا

اودل جانباز رہیو باادب شمشیر پر
یہ وہ جا وہ ہے جہان سر بھی قدم بنجائیگا

ضعف کی شدت سے قاصد اگو نہین جنبش نہو
ہاتھ کا رعشہ جواب خط ترا لکھ جائیگا

تیرے پرکارِ قدم سے نقطۂ خالِ سیاہ
دائرہ سرگشتگی کا دہر مین کھنچوائیگا

جو تجھے دیکھیگا جز میرے پس دیوار سے
چشم روزن کیطرح آنکھون مین جالا چھائیگا

او چراغ حسن بعد از غم ترا فرقت کی شب
شمع سان بزم جہان مین سر تجھے دھنوائیگا

دیکھ مٹجائیگا دم مین تو حبابون کی طرح
بحر عالم مین جو سیر ہوسی بھی اوٹھجائیگا

وہ بلا یہ صرصر آہ دلِ رنجور ہے
جسکی جھونکے سے چراغ زندگی بجھ جائیگا

قطعہ

جب دیار دل مین شاہ عشق کا ہوگا عمل
کچھ وزیر خاص درد ہجر سے فرمائیگا

سنتی ہی وسی وہ حکم محکم فرمانروا
اہل کاران فغان و آہ تک پہونچائے گا

اوسنے پہونچیگا جو نالے کی منادی تک دو حکم
کوچہ لب مین یہی کہتا ہوا وہ آئیگا

جو کریگا اشک سرتابی روانی مین فرا
دیکھلینا دار مژگان پر کھینچا جائیگا

متہم منت کشی سے نفرت کر دیگا مجھے
قد پر خم پاون پہ سر اکدن جھکوائیگا

عشق کی پوشیدگی چاہی تو کر لب کو نہ بند
راز یہ بستگی مین اور بھی کھلجائیگا

میری رنگ زرد سے سواد وہ ہوگی دہن
زعفران کو رنگ میرا اکدن ہنسوائیگا

کیون نہ بعد زوال سوز غم ہر داغ کھول
جب چراغ خانہ بجھ جائیگا گل کھلجائیگا

دیکھلینا جان لیگا روز کا رونا مرا
چشم کا پیر آب رہنا کیا یہ خالی جائیگا

غزل ۹

ماہر اوس نادان کو دل دیتا تو ہے پر جان لے
یہ تن خاکی گھروندے کی طرح مٹ جائیگا

شعر ۱۹

نہین ہے یہ خط مشکین عمل ہر لب سے پیدا
دھوان ہے آتش رنگ گل رخسار سے پیدا

سراپا داغ غم ہین تیرے جسم زار سے پیدا
تماشا ہے ہزارون گل ہوئے ہین خار سے پیدا

وہ رشکِ آفتابِ حشر ہو گھر مین جو نور افگن
قیامت کی ہو گرمی سایۂ دیوار سے پیدا

کہے کوئی اگر افسانہ میرے سوزشِ دل کا
بسانِ شمع شعلے ہون لبِ گفتار سے پیدا

وہ دیوانہ ہون قدمون سے مرے صحرا گلستان ہے
کیا ہے خون پانی رنگِ گل ہر خار سے پیدا

یہ کس دیوانے نے یارب کیا ہی کوچ دنیا سے
صدا ماتم کی ہے زنجیر کی جھنکار سے پیدا

کمر کی کچھ حقیقت سنکے اونسے یہ کھلا مجھپر
رموزِ غیب ہوتے ہین وہان یار سے پیدا

مریضِ حرصِ زر پائین نہ اسکسیطرح صحت
اثر ہے شربتِ دینار کا دینار سے پیدا

کبھی دیکھا رخِ روشن جو اپنا اوسمین قاتل نے
ہوا خورشیدِ مشرق مغربی تلوار سے پیدا

مشابہ ہی جو اون دانتون سے میرے دلکو الفت ہے
نیا رشتہ کیا ہے گوہرِ شہوار سے پیدا

نکلتے گھر سے دیکھا جب اوس لیلی شمائل کو
تو کین آنکھون نے رستے ہین رخنِ دیوار سے پیدا

بجائے اشکِ غم لختِ دل آنکھومین آئے ہین
ہوئے لعلِ دُرجِ گوہرِ شہوار سے پیدا

غبارِ دل مین ملکر اشک آئی ہین جو مژگان پر
نیا ٹاپو ہوا ہی چشمِ دریا بار سے پیدا

نہین ٹپکے ہین آنسو حسرتِ دندانِ دلبر مین
ہوئے ہین یہ حبابِ آب دُرِ شہوار سی پیدا

نشانِ ظلم خونخوار دم کے ساتھ رہتا ہے
لہو کا رنگ ہے اب تک لب سوفار سے پیدا

خرامِ ناز سے اوسنے کیا ہے قتل عالم کو
چلین تلوار کا ہے یار کی رفتار سے پیدا

ذرا جب ضبط کرتا ہون سوز آتش غم کو
شرارے جائے مو ہوتے ہین جسم زار سے پیدا

دکھا دے وہ مسیحا دم اگر آئینہ رخ کو
صدا ہو طوطیِ تصویر کی منقار سے پیدا

غزل ۱۰

وہ ہون رنگین نوا بلبل اگر چہکون کبھی ماہر
برنگِ گل ہون نالے غنچہ منقار سے پیدا

شعر ۱۰

اوس کمر کی یاد مین ایسا مین لاغر ہوگیا
جسم گھلکر داخلِ تعریفِ جوہر ہوگیا

مین بیہ کچھ محو دُرِ دندانِ دلبر ہوگیا
رشتۂ جان بھی بدن مین سلک گوہر ہوگیا

وقتِ گریہ آگیا جب وہی روشن کا خیال
دیدۂ تر چشمۂ خورشیدِ محشر ہوگیا

وحشتِ دل سے جو آنکلا سوئے میخانہ مین
مجکو دورِ چشم آہو دورِ ساغر ہوگیا

آبرو پہ پھیر دی پانی نہ وہ دندان صاف
گو شتر کبر اسواسطے دریا مین گوہر ہو گیا

وصل کی شب مین تھا صبح کا آنا ہوا
صور محشر نعرۂ اللہ اکبر ہو گیا

ایرنی دست حنائی جو پونچھے میرے اشک
پنجۂ مرجان غریق آب گوہر ہو گیا

جام بھر بھر کے پئیے کس آتشین رخسار نے
شعلۂ جوالہ ساقی دور ساغر ہو گیا

قتل سے میرے ہوئی اسکی اصالت کی نمود
خون حکم خنجر قاتل مین جوہر ہو گیا

غزل ۱۱

سینہ پر داغ پر ماہ سو ٹپکے اشک چشم
صحن گلشن مین برابر فرش گوہر ہو گیا

شعر ۲۱

ضعف تنہا مجھے پیری کی جفا سے نہوا
ہاتھ خالی مرے سایہ کا عصا سے نہوا

صاف احباب کا دل مہر صفا سے نہوا
دور اس آئینہ کا زنگ جلا سے نہوا

دل کشادہ مرا آہ و نکلی ہوا سے نہوا
یہ وہ غنچہ ہے شگفتہ جو صبا سے نہوا

بادۂ روح کا کیون نشہ ہی مجھکو یارب
مست شبنم تو مے ہوش ربا سے نہوا

یاد گیسو مین نہ کیونکر دلِ پر داغ ہو شاد — کون طاؤس ہے جو مست گھٹا سے نہوا
جوش زن چشم مین آنسو ہون نہ کیون آہون سے — شور کس بحر مین تیزیِ ہوا سے نہوا
ہاتھ پکڑا نہ کبھی اوٹھکے تھکے ماندون کا — خوش مین پابوسیِ نقشِ کفِ پا سے نہوا
مجھ پہ نازل ہوئی عصیان کی بدولت رحمت — کم مرا دامنِ تر ابرِ عطا سے نہوا
تو ہی ای شوق بتا ہے کوئی منزل جسمین — داخلہ پہلے مرا بانگِ درا سے نہوا
کشتۂ راہِ رضا ہو وفا زیست کی دیکھ — دم جدا مرکے بھی جسمِ شہدا سے نہوا
خاک آگاہ شکستِ دلِ نازک سے وہ ہون — آشنا ٹوٹ کے شیشہ یہ صدا سے نہوا
حسنِ کامل کو زمانہ مین نہین حاجتِ زیب — دستِ مرجان کبھی گلرنگ حنا سے نہوا
ہادیونکی مجھے تکرارِ سخن کیا ہو گران — قافلہ تنگ کبھی بانگِ درا سے نہوا
باغبان رنگ یہ ہے رحم دلی کا میرے — ہاتھ آلودہ کبھی خونِ حنا سے نہوا
ضعفِ پیری نے یہ سرکش کو جھکایا آخر — آشنا ہاتھ کبھی فرقِ عصا سے نہوا

کیون نہ تڑپائین مجھے سوزِ الم آہین
کون شعلہ ہے جو بیتاب ہوا سے نہوا

کبھی سالم نہین سمجھی کا مرض ہے اوسکو
وردجس قلب مین آوازگدا سے نہوا

کثرتِ نالہ سے آواز مری بند ہوئی
کام کیا سُرمہ سے ہوتا جو صدا سے نہوا

چشم مشتاق نے رُخ اوسکا ادہر پھیر لیا
جذب کعبہ کا کسے قبلہ نما سے نہوا

ضعف پیری نے یہ پابند کیا آخر کار
شام کی طرح جدا ہاتھ عصا سے نہوا

غزل ۱۲ | انہین باتون پہ ہے ماہر تجھے مطلب کی طلب
منھ سے مانگا تو دل آگاہ دعا سے نہوا | شعر ۱۲

بڑھا ہے حسن سے میرے عشق صاحب جمالون کا
مرا رنگ پریدہ کیا ہے غازہ گل گالون کا

کھلا مجھسے نہ کوئی پیچ اونکے سر کے بالون کا
رقیبونکا سیہ دل ہے کہ جوڑا خوش جمالون کا

اگر افشا کرے تو راز ہم وحشت خصالون کا
زبانِ خار کہدے سب تو کندہ حال چھالون کا

پڑے سایہ جو نخلِ باغ پر ہم درد والون کا
چٹک مین غنچہ گل کے اثر ہو دل کے نالون کا

ترحم کرے جو رگ گل کی طرح کاسنے — جیون وہ گرم پانی ہے مرے پاؤن کے چھالونکا

ن تیا بیوہ مین یاد آ ابروے قاتل — یہ خنجر شمشیر پرسان کون ہے بسمل کے حالونکا

جلوہ گاہ شاہد نصاری ہو — تو پھر فرش شجر کیون نہ سایہ نہالونکا

نہین ہین یہ فشتان تبسم شاخین نسیم گل ین — ٹپکتا ہے یہ جوش حسن بدن نہالونکا

روان ہوئین سوے مقتل اگر شوق شہادت مین — قلم پاؤن کے نقشہ کھینچے بلبل کی چالونکا

معاذین جو سیہ گیسو فروغ تمام پیدا کو — چراغ آگے بھلا اونکے چلے کسطرح کالونکا

فلک ستے تو مہ تاشی تیغ ہم کی اداے — اوتارا تو نے نقشہ کسطرح السی بجالونکا

غزل ۱۴

ہوا ہون زار ما ہر من آشنا عصیانسے
سوکھا تا ہے مرتن کو بسینہ انفعالونکا

شعر ۲۶

ترک زینت شہان ہوئی بہار جسم بیجان ہو گیا — آئینہ مین شال ونکا کیون نمایان ہوگیا

آہ دل سے جوش اشک چشم حیران ہو گیا — لو ہوا آب آئینہ مین طوفان ہوگیا

وحشت آگئین جب رقم مضمون ہجران ہو گیا
شعر مین مصرع ہر ایک دست و گریبان ہو گیا

بعد مردن فصل باران کا یہ احسان ہو گیا
جگنوؤن سے قبر پر میری چراغان ہو گیا

لکھنے چھوڑا ہاتھ سے لکھا کہ بیجان ہو گیا
کلک مردہ ہو گیا مدفن قلمدان ہو گیا

ناتوان ہم ہو گئے وحشی جو گریان ہو گیا
آبجو ہر جادۂ راہ بیابان ہو گیا

دل مین اپنے کب ہجوم داغ ہجران ہو گیا
ایک غنچہ تیری قدرت سے گلستان ہو گیا

مجھ پہ جیسے ہم ترا مرقد مین آسان ہو گیا
اک چراغ گلفشان رشک چراغان ہو گیا

صاف باطن ہین بغیر سعی کوشش کامیاب
پرتو انجم سے دریا مین چراغان ہو گیا

کیا ہوا آسایہ فقیرونکی جو تربت پر نہین
ہر بگولہ گنبد گور غریبان ہو گیا

سیر گلشن دیکھنے کو جب چلا وہ رشک گل
اوڑ کے رنگ رخ مرا رنگ گلستان ہو گیا

اک جہانکو ہم فقیرون نے مسخر کر لیا
بوریے کا نقش بھی نقش سلیمان ہو گیا

منزل مقصد کی راہ عشق مین جب کی کشش
جو نہال سبز تھا خضر بیابان ہو گیا

مے ترے برسا جو ابر آ ساقی ابرو کمان
مجھکو بارانِ کرم بھی تیر باران ہوگیا

یون درآئے حسنِ کر دار حرم دیکھے ہمین
جیسے عکس آئینہ مین تیرا نمایان ہوگیا

محفلِ مے مین جب آیا دشتِ وحشت کا خیال
دورِ ساغر گردشِ چشمِ غزالان ہوگیا

پڑ گیا ہے جن فقیرونکو قناعت کا مزا
خوانِ نعمت اونکو خالی گردۂ نان ہوگیا

ہون وہ بیخود ٹھیس گر شیشے کو لگتی دیکھلے
جانکر اپنا دلِ نازک مین نالان ہوگیا

وہ شکار افگن جو آیا سیرِ گلشن کو کبھی
مرغِ بسمل طایرِ رنگِ گلستان ہوگیا

مجھکو بعدِ مرگ ہوگیا حاجتِ شمع و چراغ
دل جلی احباب جب آئے چراغان ہوگیا

دیکھ تو سوزش مری زخمونکی اے ناوک فگن
شمع کا شعلہ تری ناوک کا پیکان ہوگیا

کچھ نہ پوچھو ضبطِ دردِ دل مین جو گذری یہان
بجھ گئے آنسو جو تر اشکون سے دامان ہوگیا

انکے قدمون پر قدم پڑتا ہے میرا دشت مین
کیا مین وحشی سایۂ چشمِ غزالان ہوگیا

کچھ تو گوشِ گل مین پھونکا تھا صبا نے صبحدم
نالۂ بلبل پہ یکایک گل جو خندان ہوگیا

پوچھتے کیا ہو ہزاروں قتل کرکے حسرتیں	دل کبھی تھا اب تو اک گنجِ شہیداں ہو گیا

غزل ۱۴	باغ سے گھر کو چلا ماہر جو وہ رشکِ بہار اوڑ گئیں سب بلبلیں ویران گلستان ہو گیا	شعر ۱۵

اثر سے موقلم کو بھی نہیں یارا روانی کا	مصور اب یہ نقشہ ہی ہماری ناتوانی کا
ضعیفی میں نکیوں کشتہ ہوں زورِ ناتوانی کا	مری پیری ہے اور عالم بڑھاپے پر جوانی کا
ضرر کیا ہم سبک سیروں کو پہونچے ناتوانی کا	مثالِ سایہ یہاں عالم ہو گر نہیں روانی کا
دکھا دیتا ہوں نقشہ جب میں اپنی ناتوانی کا	اوتر جاتا ہے چہرہ صورتِ تصویر مانی کا
خیال آئے جو ساقی چشمِ مستِ یارِ جانی کا	دل پر خون بنے شیشہ شرابِ ارغوانی کا
مزا ہی ہم میں شمع سان آتش زبانی کا	مثالِ شیشہ یہاں توقع نہیں پنبہ دہانی کا
نہ کیونکر طالبِ دیدار ہوتا یارِ جانی کا	مجھے تھا دیکھنا منظور اوسکی لن ترانی کا
نہ زائل حسن ہو یارب کبھی اوس یارِ جانی کا	رہے ممدود سر پر لطف سان سایہ جوانی کا

حباب آسا سمٹ کر تن سے دم آیا ہے آنکھون مین | یہ ہین مشتاق سوز دل کی گرمی سے یہین پانی کا
خطِ رخ کو نہ کیونکر نکتہ دان سمجھین خطِ مصحف | تری ہستی پتا دیتی ہے قرآن کی نشانی کا
حقیقت مین ہے گویا گرم باتین شعلہ رویونکی | زبانی شمع سان دعوی ہمین آتش زبانی کا
نہ کچھ ہوگی کمی گلزار کے سیراب کرنے مین | مثالِ خار اسی شبنم لئے پیاسا ہون پانی کا
نگاہِ شوخ موسی نے تو کب کا دیکھ پایا تھا | فروغِ حسن گر پردہ رکھے لن ترانی کا
سفیدی دھوپ کے مانند آجاتی ہے بالون پر | بشر کے سر سے اوٹھتا ہے جب سایہ جوانی کا

غزل ۱۵

ہوا ہو جاؤن نگاہ مین بھی مثالِ رفتگان ماہر
تنق ہے یہ تن خاکی غبارِ کاروانی کا

شعر ۱۵

ترے نام سے دم فنا ہو گیا | مین ہو کہ کے یارب ہوا ہو گیا
جسے عشق زلفِ دوتا ہو گیا | اسیرِ کمندِ بلا ہو گیا
ترمائین کیا کیا نہ تن کے چننے | تنِ زرد جب کہربا ہو گیا

بنایا جو قسمت نے دانا مجھے
فلک فرق پر آسیا ہو گیا

تصور سے دیکھا رُخِ صافِ یار
نہ آئے اگر وہ تو کیا ہو گیا

ہوا آگ جب گرم شکوں کا آب
بدن خاک اور دم ہوا ہو گیا

مرے جذبِ دل سے چلے آئے وہ
مرض دردِ دل کی دوا ہو گیا

جفا کر کے مشہورِ عالم ہوئے
بُرائی سے اونکا بھلا ہو گیا

یہ عطر اونکے ملنے سے آفت ہوئی
سے چلے جب تو فتنہ بپا ہو گیا

بھرا خون قاتل کے دامن مین جب
بہارِ ریاضِ ادا ہو گیا

تکدر کی یہاں تک کی لوگون نے قدر
غبارِ دلی کیمیا ہو گیا

ہوا عیشِ شاہی کا باعث شباب
جوانی کا سایہ ہما ہو گیا

عبث کب ہے نالان جرس راہ مین
کوئی قافلہ سے جدا ہو گیا

بنا فردِ الفت جو دل عشق مین
ہر اک داغ مُہرِ وفا ہو گیا

غزل ۱۶	کہو تو جو ماہر کو مارا عبث بتو تمسے راضی خدا ہو گیا	شعر ۸

تقصیر محتسب نہ مغان کا قصور تھا — شیشہ تو خود شراب کے نشہ مین چور تھا

وابستہ جس سے تھا اوسی دلبر سے دُور تھا — یارب مگر مین سایہ بال طیور تھا

ممکن نہ گر نظارہ حسن حضور تھا — پردا بنی سے عرش پہ پھر کیا ضرور تھا

کیا خوش ہون جب مین بزم مین شمعون کا نور تھا — تہنا تھا یا سرا وننا تھی قدسون سے دور تھا

اس بعد پر تو سوز درون نے کیا سیاہ — اچھا ہوا کہ سایہ مہر بن سے دور تھا

معراج کی تو رات ہوا ور بہی حجاب ہو — پہلے پہل کی بات تھی پردہ ضرور تھا

آتی تھی کیون نبی کو صدا ے اپس حجاب — کوئی ادھر نہ تھا تو ادھر تو ضرور تھا

غزل ۱۷	ماہر کھلا لحد مین کہ تھی زیست دو دن نزدیک دیکھتے تھے جسے ہم وہ دور تھا	شعر ۱۶

آید بعد عمر گر از کوئے یار ما — گیرد به بر نه تنگ هوا را غبار ما

ظاهر شود چه سوز دل بیقرار ما — آتش زند به دامن صرصر غبار ما

چون نیست هیچکس بجهان سوگوار ما — جامه دری کند به غم ما غبار ما

آخر فنا شده همه شان و وقار ما — بر خود چسان ز رنج نه پیچد غبار ما

چون باد تند بود دم احتضار ما — رفت از ثرا باوج ثریا غبار ما

آمد به سر ز چرخ چه بر حال زار ما — دارد هوا بدست خطی از غبار ما

از پیچ و خم نشانه کند چون غبار ما — افتاده است بر سر ما کار و بار ما

در جوشش بحر ها کف دریا شود سحاب — اشکی چکد گر از مژهٔ اشکبار ما

بینی بیک اشاره ز باد فنای دهر — صد بار رخت بست ز هستی غبار ما

گردند صرف ظلمت بحر و بر آن سواد — آمد ز یاد آنچه ز کنج مزار ما

حیف است لطمه های هوا را گمان زید — گردم زند دمی بغم ما غبار ما

از تشنگی مپرس که دریا فرو برد	چون ابر گر برآب برآید غبار ما
آهم خلاف طبع هوای جهان رود	گر ساعتی بخاک نشیند غبار ما
آن منتهی بپا شد و این منتهی بخشم	آن زلف تو و این شب تار مزار ما
تا آسمان فضائی جهان پر شود زخاک	مشتی زگرد غم چو فشاند غبار ما

غزل ۱۸	عالم ز باد دہر چون صدمہ ہا رسید دامن غبار را جگر زخمدار ما	شعر ۵۱

ٹوپی خود کب آفتوں میں تن زار لیگیا	سایہ بھی گر چڑھا تو سر دار لیگیا
یوسف کو کیا سمجھ کے خریدار لیگیا	جو حسن تھا وہ صدمۂ بازار لیگیا
تربت میں جدھی یہ تن زار لیگیا	کیا جان تھی کہ مر کے بھی کچھ بار لیگیا
سایہ بھی راستی قد یار لیگیا	سودا تھا کیا کہ گر کے خریدار لیگیا
یوسف کے حسن نے یہ کیا گاہکوں کا حال	جو جسکو ملگیا سر بازار لیگیا

تڑپا لحد مین بھی تو یہ حیران ہوئی اجل
دم مجکو دیکے کیا ترا بیمار لیگیا

وہ اور ہین جو ڈالتے ہین بوجھ چار پر
مین قبر مین تڑپ کے تن زار لے گیا

رہرو زمین پہ رکھکے اوٹھا لیتے ہین قدم
کیا سوز دل حضور کا بیمار لیگیا

کی آئینہ پہ ڈر کے زلیخا نے بھی نظر
یوسف کو حسن جب سر بازار لیگیا

صدمے سے زخم تن بھی لہو ڈالنے لگے
تیری ہنسی اوڑا کے جو سوفار لیگیا

کیا کہتے درد دل سے پیکان تیر زخم
جب منھ کی بات چھین کے سوفار لیگیا

میخانہ مین یہ راتکو زاہد کی گت بنی
شال کمر کوئی کوئی دستار لیگیا

جب پائمال ہونیکو بیٹھے ترے ضعیف
سایہ زمین سے سر دیوار لیگیا

دیوانگان عشق کا جبتک کہ ہو گذر
مین چن کے خار وادی پر خار لیگیا

بازار عشق مین مرا سودا بکا تو یون
نقصان مجکو دیکے خریدار لیگیا

منزل کو وہ ہے صفت سایہ راہ بھر
مین کھینچتا ہوا جسد زار ...

منقار مین اوٹھا کے نجاست کہ کسلئے
افتادہ پر بھی مرغِ گرفتار لے گیا

پورے نہ دام مال کے جب دیسکا غریب
کچھ رنج مول لیکے خریدار لے گیا

صیاد مجھ غریب پہ بس ہو چکے ستم
سو بار لایا باغ سے سو بار لیگیا

منعم بھی کیون نہ مر کے جنازہ مین ہو سوار
اگلی ہوائے سر تو ہوادار لیگیا

نقصان ہوا تجارتِ الفت مین ہر طرح
سودا بکا تو رونقِ بازار لیگیا

منظور حال زار دکھانا تھا باغ کو
ٹوٹے بھی پر جو مرغِ گرفتار لیگیا

پہونچا اوسیکے زور سے تا منزلِ عدم
جو دم چرا کے موت سے بیمار لیگیا

دنیا ادھر کی جنسے ہوا کرتی تھی اودھر
وہ کروٹین فقط ترا بیمار لیگیا

چاکِ لباسِ قبر بھی تھا بسکہ مجھپہ شاق
پیوند کے لیے جسدِ زار لیگیا

نالے اوسیکے گوشِ گُل باغ تک گئے
جو دل دو نیم صورتِ منقار لیگیا

یون نکلے سیرِ باغ کے ارمان ضعف مین
جب رنگ رُخ اوڑا سوئی گلزار لیگیا

بجھکر چراغ قبر جلا و ٹھتا ہے راتکو — وہ سوزِ دل حضور کا بیمار لیگیا

تربت بلند ہوکے بھی کچھ خاک بچ رہی — حسرت زمین کی یہ زمیندار لیگیا

مین کیا وہ یاد آئینگے تا حشر خلق کو — آخر مین ہچکیان جو ترا زار لیگیا

کیون تیرے شکر مین نہ زبان تیر کی ہو لال — زخمو نکی تھی جو بات وہ سوفار لیگیا

سو بار تیرے عشق مین مرنے کا تھا جو جوش — جب دم دیا کسی نے یہ بیمار لیگیا

ہنستے نہ تیرے تیر پہ کیون زخمِ تن مرے — کھلوا کے منہ کو ضبط بھی سوفار لیگیا

وہ سوئے کفر جانے مین مجبور بھی ہوئے — گردن مین ہاتھ ڈال کے زنار لیگیا

کنجِ قفس سے پیشکش باغ کے لیے — تیّے صدلکے مرغ گرفتار لیگیا

سر سے نکلکے پاؤن تک آئے بسانِ زلف — یون خار مین چبھو کے مین ہر خار لیگیا

اب رو رہا ہون درد کو یہ سوچ سوچکر — وہ شے تھا یہ کہ جسکو خود آزار لیگیا

اتنی بھی قید تھی جو رہائی پہ ناگوار — سایہ بھی ساتھ مرغ گرفتار لیگیا

یوسف نے بس نگاہِ توجہ اوسی پہ کی
دل ہاتھ مین فقط جو خریدار لیگیا

پلکین گواہ ہین انہین دیوانونکے لیے
آنکھونسے چھلکے دشت کے مین خار لیگیا

لین لاکھ حق کی بندۂ زر نے عبادتین
ماتھا مگر علامتِ دینار لیگیا

ڈھونڈھین تڑپ تڑپ کے مریضِ جہان ہزار
جو درد تھا وہ آپ کا بیمار لیگیا

اللہ ری حرص درد کی اللہ رے مزے
کس کس کے زخم مرہمِ زنگار لیگیا

دنیا کی دوڑ دھوپ سے منصور دیکھ لے
دم یون چڑھا کہ تن کو سرِ دار لیگیا

کاغذ بھرا اور اتر گیا چہرہ ضعیف کا
تصویر کھینچکر جو طلبگار لیگیا

آئی صدا کراہنے کی قلبِ زار سے
جب منھ بغل مین آپ کا بیمار لیگیا

پاؤنکو جانے دیجیے خود سر یہ پوچھیے
شانہ نکالکر مرے کے خار لیگیا

بکنے لگا جو موت کا سودا اجہا مین
آنکھونکو بند کرکے خریدار لیگیا

دیکھی لحد پہ حسنی مری قلب کی چمک
ہر بار ہاتھ اوٹھا لیا ہر یار لیگیا

گوہرسی ٹپہکی کون ہی محتاج دہر مین ۔ جو آبروسی شئی سرِ بازار لیگیا

غزل ۱۹

ماہر کہہ اوس سی پونچہلے چشم سیہ کا حال
کاجل نگہہ سی ہاتہہ پہ جو پار لے گیا

شعر ۳۷

رونقِ تن سی شباب اپنا وفا کیا کرتا ۔ تہم کے سایے کے لیے مرغِ ہوا کیا کرتا
دل نہ دکھتا تو غریبون سے وفا کیا کرتا ۔ چوٹ پڑتی نہ جگر پر تو درا کیا کرتا
باوفائی مین جفاؤن کا گلہ کیا کرتا ۔ اچہی دل کو مین حسینون سی ہرا کیا کرتا
مین عزیزون سے بہلا ترکِ وفا کیا کرتا ۔ خون مین غم ن ملا تہا تو جدا کیا کرتا
ہوشمین آکے خود اپنے کو فنا کیا کرتا ۔ ہون حباب لبِ جو چشم کو وا کیا کرتا
تہی یہ صورت تو اثر کا مین گلہ کیا کرتا ۔ ہاتہہ مطلب سے اوٹہاتا تو دعا کیا کرتا
نام مین وصفِ صفائی سی بہلا کیا کرتا ۔ اور کے خون سی مین نشو و نما کیا کرتا
عکس آئینہ ہو مین اونسی گلا کیا کرتا ۔ لب ہلاتا بہی تو مطلب کو ادا کیا کرتا

چاند سی شکل کا ہی عکس مری سینہ مین — اور اب آئینہ دل کی جلا کیا کرتا

کروٹین لیسکی شب ہجر یہ مین کہتا ہون — دل جو ہوتا تو محبت کا مزا کیا کرتا

راہ چلتون پہ مٹا مین صفت نقش قدم — اب سلوک اور محبت کا مزا کیا کرتا

استخوان کھائی نہ اس وجہ سی مجھہ وحشی کے — جائی پر خار نکلتی تو ہما کیا کرتا

آپ بیٹھا ہوا زخمون پہ چھڑکتا ہون نمک — اور اب مجھسی محبت کا مزا کیا کرتا

اونگلیان بند کھلی جاتی ہین دیکھو تڑپن — دل کو مٹھی مین نہ دیتا تو بھلا کیا کرتا

دیدیا ہی اونھین مٹھی مین مسلنی کے لیئے — اور اب دل کے تڑپنے کی دوا کیا کرتا

راہ مین کون مری ساتھ اوٹھاتا زنجیر — ساتھہ سی اپنی مین سایہ کو جدا کیا کرتا

اسپہ تو آنکھون کو کھولے رہا ایک ایک حباب — سر مین بھرتی جو نہ دنیا کی ہوا کیا کرتا

دیکھتا آئینہ سان لیکی نکیون دل مین سے تجھے — نے تیری سیر طلسمات فنا کیا کرتا

سود ہین درد کی لذت نے دیئے اک دل کو — اور اب زخم کے کھانے کا مزا کیا کرتا

اچھی خاصونکی تو آواز پہ یہ نالے ہین
میری نالون کو جو سنتا تو درا کیا کرتا

عکس آئینہ ہو نہین ہو تو اونہین کو ہو گلہ
اونسی مین شکوہ انداز و ادا کیا کرتا

سایہ مرغ ہوا تنک گوے تو تڑپا چھوڑا
اور اب دل کے تعلق کا مزا کیا کرتا

ڈھونڈھتی پھرتے تھے شب خانۂ اصلی اپنا
نہ اشارے سے بتاتا تو عصا کیا کرتا

سو جگہ لیتی ہوئی دم اجل آئی مجھ تک
اتنی دوری مین ملاقات قضا کیا کرتا

روکی ہین بوجہ ضعیفی کا نگاہین میری
لیکن مین ضعف کے عالم مین عصا کیا کرتا

لاکھ کچھ تھا یہ نہ مٹھی سی نکلنے پایا
شوخی کرتا بھی تو وہان رنگ حنا کیا کرتا

اونکی پرچھائین کی صورت سی نظر آتی ہی
جسم سی اپنی مین سایکو جدا کیا کرتا

مین تو خیر آئینہ کا عکس جو ہوتا گویا
آپسی آپکی باتون کا مزا کیا کرتا

دل نکلجانی پر آتا تو نکل ہی جاتا
مجمع غمزہ و انداز و ادا کیا کرتا

شمع کشتہ کی طرح بجھکی نہ جلبت کیونکر
جو فنا کرکے بلی مین وہ بقا کیا کرتا

کسی مہ اماندہ بیکس کی صدا آتی تھی — کان پر ہاتھہ نہ رکھتا تو ڈرا کیا کرتا

جان اجل لیگئی اور ہاتھہ نہ پکڑا اپنی نی — اور اب دم کی نکلنی کا مزا کیا کرتا

چل بسی شام کا سب تاج اٹھہانیوالے — سر برہنہ جو ہوتا تو عصا کیا کرتا

پیچھی آنے پہ ضعیفوں کے تو یہ نالی ہین — بیٹھہ جاتے کہین تھک کر تو ڈرا کیا کرتا

دل تو خیر ابہی گیا چھوٹی سی مٹھی مین وہان — اب سینے کلیجے کے تڑپنے کی دوا کیا کرتا

دست و پا تک کو تو پھیلائے ہوئے دینی کی لئی — اور اب جان کی دینی کا مزا کیا کرتا

غزل ۲۰

ہاتھہ کس نے دئین بند ہوا دئی وسنکے ماہر
شوخیان اس سے ہوا رنگ حنا کیا کرتا

شعر ۵

نہین ہے آج سی ای سوز غم گلہ دل کا — کہ آنکھہ کھولکی دیکھا ہی آبلہ دل کا

لکھو شباب سے کی نہ ولولہ دل کا — نکلنی دی جو نکلتا ہی حوصلہ دل کا

لٹا ہی لاکھہ حسینون پہ حوصلہ دل کا — کہان کہان نہ لٹا ایک قافلہ دل کا

سما سکا جو نہ خود اور تمین ولولہ دل کا
سمٹ کی سینے سی نکلا ہی حوصلہ دل کا

شریک درد ہی کیونکر کرون گلہ دل کا
ہنسا جو مجھپہ تو رویا ہی آبلہ دل کا

بلا سبب نہین کچھپہ تنگ حوصلہ دل کا
تپک رہا ہی کہین کوئی آبلہ دل کا

چلا ہی آج سوئی چشم حوصلہ دل کا
کھڑی ہین راہزن آتا ہی قافلہ دل کا

خوشی یہی ہی تو اچھا سنو گلہ دل کا
کسیطرحسی یہی ہو تو فیصلہ دل کا

جلا رہا ہی جگر کو جو حوصلہ دل کا
لئی ہی آب کا چلو بھر آبلہ دل کا

ہی رخ کے آئنہ کا سبزہ حوصلہ دل کا
گرا ہی پیاس مین پانی پہ قافلہ دل کا

وہ دیکھلین تو نہ دل ہو نہ ولولہ دل کا
لڑی نگاہ تو ہو جائی فیصلہ دل کا

کبھی نہ دلکی تو کیونکر ہو نہ گلہ دل کا
کبھی تو منھ ہی سے پھوٹے کچھ آبلہ دل کا

یہ قول تجربہ کاران درد فرقت ہی
نہ آنکھ ہو نہ نظر آئے آبلہ دل کا

کلیجہ ہی جو تپک کے بھی کھل نہین سکتا
وہ قفل دل مین لگائی ہے آبلہ دل کا

بلند دیکھکی سینہ نہ اتنا ہک دک ہو
اسیطرح سراوٹھاتا ہی حوصلہ دل کا

بخیر ہو سفرِ طفلی و جوانی و شیب
وسط کی چھوڑ دی منزل جو قافلہ دل کا

یہ وقتِ نزع رگِ جانکی ہیانس او بھری ہے
اٹک اٹک کی نکلتا ہی حوصلہ دل کا

جگر نے چین سا پایا ہی بند ہین آنکھین
ابھی جو پھوٹ بہا ہی کچھہ آبلہ دل کا

چھپائی بیٹھی ہین زلفون کو وہ ڈوپٹی سی
سراکو ڈھونڈھتا آتا ہی قافلہ دل کا

کبھی جو خارِ رگِ جان سے چھیڑ دون اسکو
تمام عمر لہو روئی آبلہ دل کا

اجل کے وقت کا ہون منتظر جو فرقت مین
دکھا رہا ہی گھڑی مجکو آبلہ دل کا

نہ دیکھی جائیگی صورت بھی مجھسی ماتم کی
کلاہ سر سے اوتاری نہ آبلہ دل کا

مقامِ خوف جو ہین طفلی و جوانی و شیب
سہ منزلہ کئی آتا ہے قافلہ دل کا

نہ نیچی پاؤن کے آجائے کچھہ سنبھل کے چلو
ملا ہی گیسوؤن سی جا سلسلہ دل کا

عجب نہین اس اشارے سی چلی آئین
تپک تپک کی بلاتا ہی آبلہ دل کا

خبر نہین وہ نہین وہان کھل رہی ہین زلف کی بل — ہلا رہا ہو نہین یہان سی جو سلسلہ دل کا

ستائے مجکو یہ فرقتین وصلمین وہ اوہنین — مجھی جگر کا ہی شکوہ تمہین گلہ دل کا

بجھا دی آگ وہی سی مری کلیجے کی — بھری ہی آکی پچھا گل جو آبلہ دل کا

نہ آئے دشت سی کیونسا ہین سائین کی آواز — نکلگیا تھا کبھی ہو کی قافلہ دل کا

خطا مجھی سی ہوئی جب کچھہ کہون مجرم — چلو سدہارو مبارک تمہین گلہ دل کا

جو تم کھلا ہوا منہہ دیکھتی ہو مرنے پر — نکلگیا ہی اہی سی جو حوصلہ دل کا

اچانک آکے گری ہین جو رہزنان ادا — تتر بتر ہوا جاتا ہی قافلہ دل کا

وہ اک ادا سی جو آ بیٹھے ہین مرے دلمین — دہری ہی پیار سی منہہ لیکے آبلہ دل کا

اوسی سی آئی قیامت اوسی سی حشر ہوا — ہماری دل سی جو نکلا تھا حوصلہ دل کا

چہار سمت جو ہین رہزنان حسن تو ہون — دبا کے راہ نکلجائے قافلہ دل کا

کھڑی ہین لوٹنی جو منہہ وہ دیکھتی رہجائین — جو دبا کے نکلجائے قافلہ دل کا

بہت ہی خوب رہی گیسوؤنکی پردہ مین
جو راتارات نکلجایٔ قافلہ دل کا

سرایٔ زلف کی حجرے بہر ہوئی ہین تمام
اور تر رہا ہی برابر جو قافلہ دل کا

صدا یہ دیتی ہی بو ملگجے ڈوپٹے کی
لٹا ہی گرد کے پڑے مین قافلہ دل کا

چلا نہ زور کسی سی کبھی غریبون کا
دبایٔ راہ کو کیونکر نہ قافلہ دل کا

کھویا ونسی کہ اب ڈھونڈھنی سی کیا حاصل
نکلگیا کسی جانب کو قافلہ دل کا

یہ بعد مرگ کیا کسنی بند منہہ کو مرے
نکل رہا تھا ابھی دل سی حوصلہ دل کا

وہ ہاتھہ کان پہ کہتی ہین مین ہٹاتا ہون
کبھی وصال مین ہوتا ہی یون گلہ دل کا

وہ اپنی سینی کے کچھہ حسن کو جو روکے ہین
کھنچا ہوا ہی شکنجی مین حوصلہ دل کا

مسل کے پھینکدین وہ اپنی ہاتھہ سی جو کبھی
تمام قصے ہون ہوجایٔ فیصلہ دل کا

گواہ اسپہ حباب روان دریا ہین
کہ دم مرا لیٔی جاتا ہی آبلہ دل کا

یہ کمسنی یہ دم نزع یہ چلے آنا
ہٹو ہٹو کہ نکلتا ہی حوصلہ دل کا

یہ کس طریق سے لپٹی ہو رکھکے گل تکیہ
اوٹہاؤ گال کہ دبتا ہے آبلہ دل کا

ہماری نزع کی اولجہن سے تم نہ گہبراؤ
اسیر جسی نکلتا ہی حوصلہ دل کا

غزل ۲۱

کلیجے دیکہنی والونکی پہٹتی ہین ماہر
جو منہہ کو ڈہانپ کے روتا ہی آبلہ دل کا

شعر

شمع کیطرح بشر فکر مین بیدم ہوگا
اور بہی جسم گہلیگا سر اگر خم ہوگا

دل بہی اک زخم ہی خوش ہو گا تو بیدم ہوگا
جسقدر اسکو ہنساؤگے لہو کم ہوگا

چرخ کسطرح کری خوش کہ پیا غم ہوگا
رنگ نکلیگا جو میرا تو لہو کم ہوگا

ہجر کی شبکی درازی سی نکچہہ غم ہوگا
رنگ اوڑنے سی مری صبح کا عالم ہوگا

صفت شیشہ می نظم مین عالم ہوگا
لعل و گلونگا سر فکر اگر خم ہوگا

بی سبب کے نہ یہ دہڑکن نہ عبث غم ہوگا
دل مین ارمان کے مر جانیکا ماتم ہوگا

دیکہینگی اولٹی ہوئی آنکہین بہی جہک جہک کے ہنین
نشۂ فصل جوانی مین وہ عالم ہوگا

غزل ۲۲	تیز رکھ اپنی زبان تیغ کی صورت ماہر تجھہ مین دم ہوگا تو دشمن ترا بیدم ہوگا	شعر ۱۷

ہمنی تو جان نذر دی دل کو فدا کیا
اب تم تباؤ چاہنی والون سی کیا کیا

الفت مین سعی مرگ نہ کرسکے بُرا کیا
مرنیمین ہات پاؤن نہ ماری تو کیا کیا

نہ لاش سی اوٹھائی نہ دم کو فنا کیا
ای درد تونی اوہکی کلیجی مین کیا کیا

خاکی بدن نی روحکو بسیون فنا کیا
جسطرح آب جام گلی مین گھٹا کیا

مضطر وہ تہا کہ ایک مری خوف دفن سی
برسون زمین کا بہی کلیجہ ہلا کیا

افسوس زلزلہ کہا اوسکو جہان نی
پردیمین خاک کی جو مرا دل ہلا کیا

رشتہ سی کہہ رہا ہی کہ یہ فور شمع بزم
ٹھنڈا کیا کلیجہ جسنی جلایا جلا کیا

سمجہا نا بیخودان محبت کو ہی عبث
خود آپ کہہ رہی ہین کہ یہ ہمنی کیا کیا

مین گر مطیع عشق ہوا تو عجب ہی کیا
خود دلو آب چاہ کا پانی بھرا کیا

دی مین نی جان آنکھون پہ تو کیا کیا قصور
اوسکو نہ کچھ کہا کہ جو سرمہ پسا کیا

آوارگان دشت محبت خوشا نصیب
گر تھک گئی کبھی تو مقدر پھرا کیا

اتنا ہوا وہ آکے مری گھر جو پھر گئے
پُتلی سا کوئی آنکھہ مین سو برن پھرا کیا

کہتا ہون کروٹون مین شب ہجر کی یہ مین
دشنک تر دل تہارا اتکو پہلوسی کیا کیا

افسوس مثل عود ہی پہوٹی نہ بو کبھی
اسطرح چپکی چپکی کلیجہ جلا کیا

پر دیکہین پر کی توڑ دیئی میری استخوان
وعدہ تو کچھہ کیا تہا یہ صیاد کیا کیا

بگڑو جو دل سی تم تو خوشامد کیون کرون
وہ ہی سنائی ہی تمہین جسنی خفا کیا

غزل ۲۳

ماہر یہ کس ادا سی وہ شانہ ہلا گئی
یون دل ہلا کہ قبر مین لاشہ ہلا کیا

شعر ۶

شب فرقت جو تڑپا کیا ہوا آ کہکشان میرا
شکنجہ مین کہنچا خود چرخ لیکر امتحان میرا

تماشا ہی کہ وہان بہی مقدر رہا جوان میرا
مٹا جاتا ہی گردون اور نہین مٹتا نشان میرا

برنگِ بو ہین ہمراہی لقب ہی ناتوان میرا
صدائی رنگ غنچہ ہی پر روان ہی کاروان میرا

یہ ادنی سا ہی حالِ خوفِ راہ جانستان میرا
پریدہ رنگ پیچھے ہین تو آگے کاروان میرا

لقب ہی سخت جان کیونکر ہو کوئی رازدان میرا
شررکے رنگ از خود تو کھلی سوزِ نہان میرا

سبکرو جو مدد آیا ہی وقتِ امتحان میرا
ادہر ہی قافلہ بو کا ادہر ہی کاروان میرا

لقب ہی عندلیبِ زار اتنا ہی نشان میرا
شکستِ رنگ کو کہتی ہین گل شورِ فغان میرا

سمجھ لے یہ تو ہوای قہرِ دشمن آسمان میرا
زمین برباد ہوتی ہی تو مٹتا ہی نشان میرا

ہوا و برق ادہر دشمن ادہر دشمن آسمان میرا
سہارا اب تنکی کا بہی رکھی آشیان میرا

جوانانِ چمن مین جب کوئی تہا قدردان میرا
مثالِ حرزِ بازوی پرندہ تہا آشیان میرا

سفر والونکی یارب خیر ہو ہی یہ گمان میرا
اوڑینگی رنگ چہرون سے لٹی گا کاروان میرا

سفر مین سنکی یو کہتا ہی قلبِ ناتوان میرا
ہوا ہی کچھ کمی تشنی تہی جسنبی لوٹا کاروان میرا

سمجھلو یہ تو کہتی جو ہا ہتہ اہل کاروان میرا
تہمین نے نام رکھا تہا ضعیف و ناتوان میرا

تری ہمت رسی ہو جاتا مقدر گر جوان میرا
زمین مٹتی فلک ٹلتا نہ مٹتا تو نشان میرا

نظر گلچین کی کیون پڑتی اوجڑتا کیون مکان میرا
چھپا لیتی جو برگ نخل ملکر آشیان میرا

وہین سب ہمزبان ہین ہو رہے کچھہ بیان میرا
چمن مین جسطرف اوجڑا پڑا ہی آشیان میرا

مثال دانہ مین ہون آسیا سان سے مکان میرا
نہ پوچھو اہل دل حال زمین و آسمان میرا

طلسم عشق ہی ماتی کہ روئے ناتوان میرا
اوڑائے رنگ تو تصویر سے پڑجائے نشان میرا

وہ بلبل ہون اوجڑنیکی خبر پائی جو گلشن مین
چھپایا ہمصفیرون نے پس پشت آشیان میرا

مثال ریگ ساعت قسمت میری بھی تماشا ہی
زمین پر گر رہا ہون گو فلک پر ہی مکان میرا

عنایات فلک کا گر کبھی اظہار مین چاہون
بجائے خس گرائی برق برسون آشیان میرا

مری دامن کو رنگین اشک خون سی دوست ہوتی دین
محبت مین لٹی گا میری ہاتھون کاروان میرا

ٹھہرتی آئینگی رستے سے چلنی کو وہ کیا جانین
کوئی کہدی گیا لاشہ بھی ہو تھم تھم کر روان میرا

مثال ریگ ساعت چھٹ گی خاکساری کیا
زمین پر تھا قدم آسمان پر تھا مکان میرا

لحد سے خاطر نازک مکدر اونکی ہوتی ہے
کوئی اتنا نہیں جو جھٹ مٹا دیتا نشان میرا

کہا میں نے جلو جھکر مٹا کیا اب جلنے جلانیکا
عوض خس کے بنا جب بجلیوں سے آشیان میرا

فلک پر کہکشان تجھ دیکھکر کہتا ہوں افسوس قیمتین
زمین پر مین طپان تہا چرخ پر کیسا نشان میرا

ہوا پر باغ ہے گویا بوے گل ترا ئیگی ایسی
اوڑا یا بلبلون نی گر کبھی رنگ بیان میرا

گذر جاتا نہ دم کے ساتھ کیونکر بحر ہستی سے
لگا تہا کشتی عمر رواں پر باد بان میرا

حباب آسا فلک کے دور میں مٹکر یہ کہتا ہون
کسیکا ذکر کیا ملتا نہیں مجکو نشان میرا

ادب آموز شمع بزم ہو کیونکر نہ اب گلگیر
زبان مین بڑھ چلا تہا مجھسی کوئی ہم زبان میرا

کوئی پوچھی خبر اس تفرقہ کی تمکو بھی کچھ ہے
کہان دل مر رہا ہے دم نکلتا ہے کہان میرا

حباب بحر ہون پوچھو نہ مجھسی حال قسمت کا
یہ گردش ہے کہ میری ساتھ ہے پہرتا مکان میرا

ہوا پر دیکھکر تنگی قفس میں مین یہ کہتا ہون
کدہر ہے باغ والو لٹ رہا ہے آشیان میرا

ہدف ہون جب زمانیکا تو کیا خوش ہون کہ خود ہون
کریگا تیر باران ہی مجھی نام و نشان میرا

مثال رنگ ساعت ہے مدون کسطرح کی گردون
زمین تہا نام جسکا اب وہی ہی آسمان میرا

تباہی ناتوانی کر دیا تصویر ہی بالکل
اوڑہی رنگ چہرے سے تو مٹا نشان میرا

جہان سب گرد شین ہین ای فلک یہ بہی کہا مجکو
حباب بحر کیطرح تو گری مجہپر مکان میرا

نشان سے کہین شگاف کلک کا حساد حرف مین
کلیجے چاک کرتا ہی عبث ہین طرز بیان میرا

قفس مین ہین وہ مین ہون پہولپہر ہی شاخ گلستان مین
عوض میری لگاتی ہین گلی مین آشیان میرا

نگین کیطرح مجکو دوست کیون رکہی ہر نامی
کہ تجہ کے بہی دل مین نقش ہی نام و نشان میرا

تو ہی دنیا مین کوئی شی نہین ہی ناتوانی سے
پہرایا سرکو میری لوٹن کی پہرتا ہی مکان میرا

کہین ایسا نہو مثل حباب بحر مٹ جاؤن
نہ چہیڑو ای حسینو دل بہت ہے ناتوان میرا

فلک نقش نگین تیرے تمہین ہو جسن تو کچہہ ہوگا
اوڑی طبقہ زمین کا تو مٹی شاید نشان میرا

ابہی کس سن ہو تمسے شکل وہ دیکہی نہ جائیگی
چلو سر کو کہ دم دیتا ہی قلب ناتوان میرا

محبت ابرو ونکی خوب ہی سیدہا بنائیگی
نکل جائیگا بل سارا دم زور کمان میرا

نکلیونکو بند کر دی ضعف میری جا لگی آنکھونکو
ڈرینگی جانکر وہ زخم قلب خونچکان میرا

نجائی سجھی ضعف پر وسعت زمانہ کی
کلیجے کی تڑپ بھی کچھ کریگی امتحان میرا

زمین سی پیٹ اوٹھتی ہی تو کہتا ہون کہ سر کین
اوٹھائیگا مری لاشہ کو خود درد نہان میرا

نقوش آب کی صورت برائی نام مٹنا ہی
مین دیکھون تو فلک کبتک مٹاتا ہی نشان میرا

اونہین سی پوچھیی صدمہ اسیرونکی جدائی کا
کلیجے سی لگائی بیٹھی ہین جو آشیان میرا

مٹی کا کیا کہ مثل خامہ حکاک ہی گردون
قدم کی نقش سی بھی کم ہی کیا نام ونشان میرا

علامت کچھ نپائی جب شب فرقت تو مین بولا
نجانی رہگیا کب مر کے قلب ناتوان میرا

شب فرقت کا جاگا تھا دکھایا آئینہ اس سے
دکھائین مجکو آنکھین زخم قلب خونچکان میرا

خیال ریگ ساعت نے اولٹی سانس لی ناچار
زمین آخر اولٹکر بنگئی ہی آسمان میرا

تمہارا ناز پروردہ بھی مثل برمردہ ہی
جگر کی اب خبر لو دل تو تھا ہی نیمجان میرا

مثال کلک جب خجے ہو کشتی کیونکر زبان لکھون
مرا ہی زخم دل بنجائیگا زخم زبان میرا

نکلکر دم شب فرقت نکیونکر تخلیہ کر دی
جگر سی کچہہ کہیگا حال قلب ناتوان میرا

تڑپنی مین نہ مین رہ کے کیون اوڑتی ہی فرقتین
یہین کیا دفن ہونگا دم نکلتا ہی جہان میرا

غزل ۲۴

کہونکیا ایک ساعت جب مہ و مہر دو گردون نہین
جو کچہہ ہی خوب ہی حال زمین و آسمان میرا

شعر ۱۵

طلسم تہا کہ شعاعون مین آفتاب آیا
ہزار ہات پہ اک ساغر شراب آیا

کہو مغان سی مبارک خم شراب آیا
زمین پہ پاک ہوئی اب کہ آفتاب آیا

نہ شرم ای شب وصل اگر تو خواب آیا
غرض و نہین یوہین نیند آئی یا حجاب آیا

یہ اتحاد تہا قاصد تو کیون عتاب آیا
مشہور ہین وہ جادۂ صحرا کے نام سی — پھاڑا ہے وحشیون نے جو دامن جبال کے

دنبالہ سرمہ کا ہو جو منظور چشم یار — رکھدین غزال منہہ سی زبانین نکال کے

آیا مزہ کا وادی وحشت مین جب خیال — تلوؤن مین چبھہ لیے کانٹے نکال کے

یہ عشق چشم یار سی وحشت مین ہین غزال — پاؤن سی داب لی ہین زبانین نکال کے

کیون ہر قدم زغند نہ وحشی ہی اب بہ رن
رہنے کو غول ابین کو دیے غزال کے

غالب ہے یہین سحر شوق ہین آیا ہی تا بہ عرش
پردے سے منھ کوئی تو دکھا دی نکال کے

پوچھی جو مجھ سی قیس نی سختی راہِ عشق
پاؤنکے خار رکھدیے سر سے نکال کے

چھوڑا ہے دلکو لیکے مین آیا ہون قبر مین
او جانیوالے پاؤن کو رکھنا سنبھال کے

اک عاشقونکی بات تھی اوسکو بھی کھو دیا
موسیٰ ملی جواب ارنی کی سوال کے

غزل ٩٩

ماہر اونمین بھی آ گئی کچھ تب ضعیف سی
تڑپے مثال نبض جو طالب وصال کے

شعر ٣٠

مر گئے ہم نہ کہا اک نے قضا آتی ہی
شمع دامن مین چھپا دو کہ ہوا آتی ہی

حالتِ جرم مین بالین پہ قضا آتی ہی
مرکے لکھو لونگا نہ آنکھین کہ حیا آتی ہی

بخشدو دل سی اگر آہ رسا آتی ہی
ٹوٹتا ہی کوئی شیشہ تو صدا آتی ہی

کچھ نہ کچھ قیس پہ گذری ہی خبر لے لیلی
گرتی پڑتی ہوئی صحرا مین ہوا آتی ہی

بعد میرے جو نہیں کوئی عزادار مرا
قبر پر جا کے ہوا خاک اڑا آتی ہے

ہر سحر کیون نہ چلے قافلۂ نکہت گل
جو چٹکتی ہے کلی بانگ درا آتی ہے

انکو جب ہوتی ہے منظور نظر خود دیکھی
میری حیرت انہیں آئینہ دکھا آتی ہے

نیم بسمل ترے کیا خاک سی اوٹھیں قاتل
برچھیان یہ نگہ شوخ لگا آتی ہے

دیکھکر تجکو گنہہ مینے کئی ستی یارب
بند کر دی کوئی آنکھیں حیا آتی ہے

جنبشیں ابرونکی کہتی ہین گو تم نہ کہو
تمکو تلوار کی عاشق پہ لگا آتی ہے

ای جوانو کبھی پیرون سی نہو گستاخ
انہیں بندون سے خدا کو بھی حیا آتی ہے

گوش دل سی مری آواز کو سنتے ہین ملک
میری یہ دکھ مین جیسکی جو صدا آتی ہے

غول بھاگے ہین گریزان ہین بیابان کے غزال
آبلونکو مرے کیا آنکھ دکھا آتی ہے

دل دکھونکو نہ ستا اے حسین ہی کہ او ظالم
انکی وہ آہ ہی جو عرش ہلا آتی ہے

مجھپہ کہلتا نہین ای قافلۂ اشک روان
دل دھڑکتا ہی کہ آواز درا آتی ہے

حشر مین توڑ رہی ہین ترے وحشی قبرین
نکلو نکلو کی جو کانونمین صدا آتی ہی

مرسلونمین بھی وہم حشر پہ غل ہی تہہ عرش
سب ہہین امت محبوب خدا آتی ہی

یار و احباب سی تو قبر پہ آیا نہ کوئی
ہان اگر سی تو ذرا بوی وفا آتی ہی

کہدو اوسنی کہ خبر لین ہے مرد لکی جلدی
آج کچھ رونیکی پہلو سی صدا آتی ہی

نالۂ حضرت مجنون کا اثر ہے ابتک
سائین سائین کی جو صحرا سے صدا آتی ہی

دلمین لیلی کی کچھی جب آنکھ جو کرتا ہون کبھی
میرے ہم سے ترے سونیکی صدا آتی ہی

پاس کسطرح سے مر آکے نہ دم لے قاتل
منزلون سے مری لینیکو قضا آتی ہی

زیر پا خار کو سمجھے نہ رگ گل کیون قیس
ملکی رخسار سی لیلی کی ہوا آتی ہی

قتل کرنیمین سے کر ضد نکری کیون قاتل
پانون پھیلاتی ہین جسوقت حنا آتی ہی

گر شہیدونکا جنازہ نہ اوٹھایا نہ سہی
لاش عشاق پہ ٹھوکر تو لگا آتی ہی

چھیڑتا ہون جو بھری بزم مین یہ کہتے ہین وہ
سچ بتادی کبھی تجکو بہی حیا آتی ہی

قتل مین میرے جو ضد ہی تو کہہ دو اوسسے — خون پانی نکرین ایک حنا آتی ہے

کوئی تو پوچھے نقاش ازل سی اتنا — دوسری شکل ہی تیری سی بنا آتی ہے

وا ای و نیر کہ جو محرم دم ہی ارنی سی ہی — لن ترانی کی تو وسی کو صدا آتی ہے

غزل ۱۰۱

مو شگافی سی کہنا ہے یہ عقدہ ماہر

عاشقون پر او نہین زلفونکی بلا آتی ہے

شعر ۲۳

بنکی معشوق جو عاشق کی قضا آتی ہے — صاف خلخال کی جھنکار وسی صدا آتی ہے

مردے جی اوٹھتی ہین تیرے و نکی قضا آتی ہے — کس ستم کی تجھے اے ترک ادا آتی ہے

توڑ کر جب دل بلبل کو صبا آتی ہی — صاف غنچے کے چٹکنے کی صدا آتی ہے

منعمو عالم فانی مین خوشی ہی معدوم — کان بجتی ہین کہ نوبت کی صدا آتی ہے

زاہد و دل مین جگہ دو نہ بتونکو کیونکر — دیکھتا ہون جنہین یاد خدا آتی ہے

نازنین نے جو اوٹھا تو اٹھا کیا اسکی — آپکو بھی تو مری لاش اوٹھا آتی ہے

لوٹی اونسے کہے ویران جو دل کرتی ہین
اس زمین پر ہمین بستی ہی بسا آتی ہی

برہمن چھوڑ کے کعبے کو ملا کیا تجسکو
دیر مین بہی تو نظر شان خدا آتی ہی

گل نکیون ہجر مین ہو جا مری شمع حیات
دل تڑپتا ہے تیرے یون جیسے ہوا آتی ہی

نالہ مین یہ تو خوشی ہی غربائی عالم
دل دہڑکتا ہے تو نوبت کی صدا آتی ہی

باغ مین دیکھکے اونکے گل رخسار کا رنگ
پھول مرجھائین نکیونکر کہ حیا آتی ہی

تجھسے بی پردہ گنہ مین کیئی تھی یا رب
کیون نہ گڑ جاؤن زمین مین کہ حیا آتی ہی

وصل کا کیا مجھے اچھا نظر آئے انجام
دل جو ہنستا ہی تو رونیکی صدا آتی ہی

پیچھے ہٹجاتی ہی محمل مین اداسی لیلی
آہ جب قیس کی پردے کو اوڑا آتی ہی

پردہ گوش مین کیونکر نہ چھپاؤن ای دوست
دلمین ہی تیری جگہ دل سے صدا آتی ہی

حسن اور عشق مین پہیلا ہے لڑائی کا جو رنگ
خون پسینے پہ گرانیکو حنا آتی ہی

بیوفاؤنکی قدم کیون نہ اٹھین چلنی مین
زیر پا تربت نقش کف پا آتی ہی

پردہ دید مین کیا کام نکالا موسی | اتبو کانونمین وہ مطلوب صدا آتی ہی
مجھہ گنہگار کے لاشے پہ نکیون منہہ ڈہانپین | مجکو روتے ہوے لوگونکو حیا آتی ہی
آنکھین محرم ہو دیدار سے تو ہون موسی | لن ترانی کی تو کانونمین صدا آتی ہی
کان آوازہ وحدت سے بھری ہین جو مرے | کوئی بولی مجھے تیری ہی صدا آتی ہی
لن ترانی تو کہا پر یہ ہوا کیا جانے | یہ نہ سمجھی مرے کانونمین صدا آتی ہی

غزل ۱۰۲

اوسکی رحمت مرے عصیان کو نہ بخشے ماہر
مین نہ یہ منہہ سے کہونگا کہ حیا آتی ہے

شعر ۲۱

آئینہ بنگئی ہی تن مین جو قدرت تیری | میری صورتمین نظر آتی ہی صورت تیری
آئینہ لیکی بھی بڑہتی نہین حیرت تیری | دیکھ تو دیکھ رہی ہی تجھی صورت تیری
چھوڑی دل کو جو بڑہا دے تو عنایت تیری | نکلی جاتی ہی مری دل ہی محبت تیری
میری وحشت ہو غضب چال ہو آفت تیری | ۲ | حشر میرا ہو یہان وہان ہو قیامت تیری

قیس کردی مجھی کسطرح نہ الفت تیری
دل جو کل تھی تو لیلی ہی محبت تیری

لپکی ہی سوی دوزخ جو عدالت تیری
لپٹی جاتی ہی گنہگاروں سی رحمت تیری

ہاتھ تکیے میں مجکو نہ اٹھائے کوی
ہوں تہہ خاک میں اید دست امانت تیری

دور کسطرح گناہوں سی میں ہوتا یا رب
سر کی جاتی ہی مری پاس سی رحمت تیری

جوش خون ہی جو چمن کو بھی ترے سوتی میں
پھوٹ نکلی ہی ہر اک پھول سی نکہت تیری

باتیں کہنی کی ہیں تلتیں کہاں کی ای دوست
مرکی بھی پھری زبان پہ ہی حکایت تیری

کیون لحد توڑ کی نکلین نہ گنہگار ترے
حشر میں ڈھونڈہ رہی ہی انہیں رحمت تیری

اب بھی آ ہوش میں برباد نکر دلکو مری
دیکہنی کی گھر ہوی جاتی ہی محبت تیری

کونسی جرم کی یہ ربط بڑہایا یا رب
تب تڑپتا ہوں تڑپ جاتی ہی رحمت تیری

وای ناقدری مردم کہ ادہر سکو کہیں
کھپ گئی ہو مری آنکھوں میں جو رنگت تیری

حشر میں آکی سوا اور کہیں کیا مجرم
ہمسے وہ کہ جو کی تجہسی مروت تیری

شبہہ غیبت کا کیا مین نے تو وہ کہنی لگی | ہان تری سر کی قسم کی تھی شکایت تیری
آج تو خیر مری لاش جب اوٹھی او گل | رنگ اوسدن تو نہ لائی یہ نزاکت تیری
حفظ جان عشق مین اشتاق ہے بہت ایدو | جسکو کہدی ہی اوسے دیدون مین امانت تیری
خلد کو چھوڑ کے مرسل نکل آئین باہر | ہاتھ چھوڑے تو مرا حشر مین رحمت تیری
کس کے دیدار کی خواہش ہی خبر لی مجھے | باتون باتون مین بڑہی جاتی ہی لکنت تیری
دل مرا لینی کو اور آئین خدا کی قدرت | غیر کے ہاتھ مین دیدون مین امانت تیری
تو جو بالین پہ ہے اتنا نہین کھلتا مجھپر | جان تن سی یہ نکلتی کہی حسرت تیری
جلوہ گر ہوکے نگاہون سے نہ کیون چھپ جاے | کچھ شرر مین نظر آتی ہی شرارت تیری
حشر مین آتے ہین اس شان سی تیرے مجرم | قہر آگے ہے پس پشت ہے رحمت تیری
یہ سبب ہے جو تری غم کو بھی رکھتا ہون عزیز | دل جو تڑپی تو بہلتی ہی طبیعت تیری
گاہ خلین مین گہ آنکھو نمین ہی گہے دامن مین | میری اشکو نسی ٹپکتی ہی شرارت تیری

دو دلی کی مجھے ہی ہی تو یون حسرت ہے
تو ہوا اک دلمین تو اک دلمین محبت تیری

عکس آئینہ مین جسطرح نظر آتا ہے
یون مرے دلمین اوتر آئی ہی صورت تیری

لاش ہی لاش نظر آئیگی اب مقتل مین
دیکھ او ٹھجائینگے انگشت شہادت تیری

کیون نہ فرقت مین بھی اب لطف ملین وصلت کے
دل وہ پہلو مین ہی جسمین ہی محبت تیری

آہ ہر دم کی نکلکر یہ خبر دیتی ہی
اب سماتی نہین دلمین مرے حسرت تیری

دیکھتا ہون جو مین آئینہ تو وہ کہتی ہین
خوش نہو مر کے بدل جائیگی صورت تیری

دل کے جانیکا تجھے نزع مین کیون دھڑکا ہے
جان دونگا نہ دونگا مین امانت تیری

چاک ہون گل کی گریبان تو دل غنچون کے
باغ مین جا کے باہر جو نکہت تیری

لن ترانی پہ بھی تکرار کی گر ای موسی
باتین کچھ اور بھی سنوائیگی لکنت تیری

قبض کرتا ہے مری روح تو خود کر یا رب
تیری ہی ہاتھ مین دونگا مین امانت تیری

شکر کر عیب لسانی بھی ہنر تھا موسی
بھولی بھولی تری باتین ہوین لکنت تیری

بعد مردن بھی کسی طرح نہ آنکھیں ہین بند
رہ گئی طالب دیدار کو حسرت تیری

جان سی ہاتھ اوٹھاتا نہ مین کیونکر اے دوست
سانس لینی مین نکلتی تھی محبت تیری

جانکنی مین مری گر کسی آتی ہی صدا
دیکھ چھینی لیی جاتی ہین امانت تیری

غزل

نظم مین جو ہیان تھا کیا اور یہ ہوا کیا ماہر
اور کچھ پڑ گئی جلدی مین طبیعت تیری

شعر

مانتی موسی کیونکر لن ترانی آپکی
کچھ سمجھتی تھی زبان بے زبانی آپکی

کیون نہ ساکت ہو کہی تصویر جانی آپکی
بند کر دیتی ہی لب شیرین بیانی آپکی

گر نہ کیجیی قدر تو ناقدردانی آپکی
ہر ادا ہی نازپرورد جوانی آپکی

حشر کے دن بھی ہی محروم ہم دیداری
سنتی تھی آنکھوں سے دیکھی لن ترانی آپکی

دیکھی پھیری مین جلوہ لو ہین رنگ شباب
آگئی تصویر مین جیسی جوانی آپکی

درد دل سارا سمٹ کر آگیا چھالی کی جا
داغ چھالی کا جو تھا تن پر نشانی آپکی

پہنچے ہین گرد ونکی خلق آتی اگر اچھی طرح
کیون چھپ جاتی رہائی آسمانی آپکی

دوہی چیزین ہین نہین جنکا زمانے مین نظیر
موسم گل باغ کا فضل جوانی آپکی

کٹ گئی فرقت کی شب اس طول پر اک آن مین
دل نے کچھ باتین جو کین مجھسی زبانی آپکی

شور محشر سنکے ہوتا کسطرح مجکو عجب
کان مین میرے پڑی تھی کچھ کہانی آپکی

کونسا انصاف ہی آئینہ رکھنا ہاتھ سی
آپکی صورت نہ دیکھی نوجوانی آپکی

آجتک آنکھون سی آنکی عالم لگاتا ہی اوسے
مین نے قرآن مین جو رکھدی تھی نشانی آپکی

یاد رکھیگی دونگی نسبت اپنے ہی اوسے
حسن کا جب عطر کھینچیگی جوانی آپکی

داد نا قدری عالم سب کہین غازہ اوسے
رنگ لائے گر زمانے مین جوانی آپکی

حسن کا جوبن چمک کر مجکو دیتا ہے صدا
رو دیگی پیری کو میری نوجوانی آپکی

اب نہین پر پاؤن چلنی مین ہین کھچ جاتی کسطرح
شب جنکو منھ پر بھی ردائے آسمانی آپکی

وقت تلقین قبر مین بیلی منھ کو موڑتا
مین یہ سمجھا کوئی آسان کہانی آپکی

کہتے یون ہم بھی ملائین ہان مین ہان ہر بات مین
دل مین جب گھر ہو تو کیسی لامکانی آپکی

کان مین مُردونکی بھی جائیگی آوازِ پا
رو کیے حسرت گذرتی ہی جوانی آپکی

غزل ۱۰۴

لہر پہ سبزہ کی ماہر کی بھی پڑتی تھی نظر
کیون چُھپی جاتی ہے اب پوشاک دھانی آپکی

شعر ۲۱

ہر ایک دانہ انگور آب ہو جائے
خدا کی شان ہے شیشہ شراب ہو جائے

جو سوزِ دل سے مرا انقلاب ہو جائے
اولٹ پلٹ کے کلیجہ کباب ہو جائے

ہر ایک عرض پہ اونکا خطاب ہو جائے
مزا تو ہے کہ جو طول حساب ہو جائے

جو رُو نما اثر انقلاب ہو جائے
ہر ایک آئینہ چلو کا آب ہو جائے

خدا کی شان ہے انگور آب ہو جائے
ستارہ ٹوٹتی ہی آفتاب ہو جائے

بُرا ہا کاش مرا بھی ہو عکس آئینہ
رنگے جو ریش کوئی بیان خضاب ہو جائے

کہے تو کوی وہ توڑین دل پر ارمان جب
حضور آپکی بستی خراب ہو جائے

نگاہِ مست سے وہ دیکھتے ہین دریا کو | عجب نہین کہ جو پانی شراب ہو جائے
کوئی تو دیکھ کے مجھکو گلی مین اونسے کہے | جو کچھ نہین تو گدا کو جواب ہو جائے
سہارا پائی احبا کا قبر مین بولا | ذرا تھمو کہ سوال و جواب ہو جائے
منون ہی خاک گرانی کا وقت ہی مجھپر | جو رہگیا ہو شریکِ ثواب ہو جائے
مجھے ہو طالعِ بیدار بختِ خفتہ ہی | کسیکی آنکھ کا گر نیم خواب ہو جائے
جھٹک جھٹک کے وہ دامن کو کیون نہ جھنجلائین | وہ رخت خاک سی میری خراب ہو جائے
ہجومِ حشر مین کہتا ہون سر جھکا کے یہ مین | کھڑا ہوا ہون مرا بھی حساب ہو جائے
پکارنے سے تمہارے نہ مر کے گر بولون | خموشی تمکا کبھی کے جواب ہو جائے
اسی بہانے سے بخشا گیا مین حشر کے دن | مرا حساب نہ سبکا عذاب ہو جائے
نہین خبر کہ کیئے چلکے کتنے دل پامال | بنی وہ چال زمانہ خراب ہو جائے
لحد کی راہ مین روئے تو ہین مجھے احباب | کہین جنازہ نہ کشتیِ آب ہو جائے

نہ دیکھین دیکھنے والے بھی ابھی رہی جلوہ — لگے یہ حسن کہ آخر حجاب ہو جائے
کریم مجمع محشر مین شرم مانع ہے — علیحدہ کہین میرا حساب ہو جائے

غزل

جو تیری لاش گھر پٹ کے گتکے وہین وہ ماہر
اخیر ہچکیون کا کچھ جواب ہو جائے

شعر ۱۶

وحشیون کا نہ ٹھہرنا کہ اگر دل ٹھہرے — جادہ ایک ایک نفس سینہ بسمل ٹھہرے
جو ہوا ان کا شکار وہ نہین کیا راہ کی مشکل ٹھہرے — جب چلے چشم زدن مین سر منزل ٹھہرے
مرتبہ عشق مین کیون دل کو نہ حاصل ٹھہرے — جن جو شیشی مین اتاری وہی عامل ٹھہرے
ناتوانی سے نکیون راہ مین مشکل ٹھہرے — گرد پاؤن سے جو لپٹی تو سلاسل ٹھہرے
واہ رے بخت جو اپنا ہو وہ قاتل ٹھہرے — جان نکلی جو بدن سے تو مراد دل ٹھہرے
طائر قبلہ نما جب ہوئے تو کیا دل ٹھہرے — جو سنان پر ہو علم خاک وہ بسمل ٹھہرے
دوست یا دشمن معشوق یہ بسمل ٹھہرے — اڑ گئی شمع تو پروانون کے کچھ دل ٹھہرے

بگولہ کیا طول مسافت سی جو بسمل ٹھہرے
جب چلی چال تڑپکر سر منزل ٹھہرے

پھر تو آنکھون کی لگانی ہی کے قابل ٹھہرے
دل اگر کسی گردن کی حمایل ٹھہرے

تیری صحرا مین بھلا قیس کا کیا دل ٹھہرے
جو بگولہ ہو وہ ویرانہ منزل ٹھہرے

نہ بگولے ہون نہ ویرانہ منزل ٹھہرے
گھر گھڑا دون کسی پٹریکو تو مشکل ٹھہرے

اوسی اور آئینہ سی رنجش [illegible] ل ٹھہرے
عکس گر بیچ مین پڑنیکی نہ قابل ٹھہرے

چھوڑکر ساتھ جگر کا نہ کبھی دل ٹھہرے
ٹھہری تو ہلی بسمل ہی مین بسمل ٹھہرے

عنکبوت اک ہون تو کیون چین مشکل ٹھہرے
راہ باریک پہ ہون پاون تو کیا دل ٹھہرے

دی جگہ دل مین تو یون غیر سب اپنے ہو جائین
جلسہ محفل تری آئینہ کی محفل ٹھہرے

خس دریا ہی ار ساتھ ندی عاشق کا
عین دھارے مین سمجھ کر لب ساحل ٹھہرے

دھوپ مین دشت نورد دیکھو جو نکلی وحشی
لکھو لگکر چتر بگولے سر منزل ٹھہرے

سالک مسلک ایجاد ہون مگر ہی کیطرح
راہین سو دل سی نکالون تو مرا دل ٹھہرے

دوست دہ کیا جو ہون کم دانہ بازوں کی
آگ سی دل پہ چلی گر تو نہ وہ دل ٹھہرے

طائر قبلہ نما ہم نہین پھر سر میرا
تیری ہی سمت نہ یہ پھیر کے گر دل ٹھہرے

طبع روشن سے کیوں رونق صحبت ہوئے ہمین
شمع بجھ جائی تو برہم کن محفل ٹھہرے

اڑ گیا ہو کے جب آپکے جانبازون سے
یون اور کے دل کہ نہ پروانہ محفل ٹھہرے

ساتھ ہو لیے نہ بگولون ہی کے کیون قیس عرب
تابکی منتظر ناقہ محمل ٹھہرے

راہ تو خوب کٹی قطرۂ باران کیطرح
تاک مین ملگئی جب ہم سر منزل ٹھہرے

طائر قبلہ نمائی سر سوزان ہو نہین
خود تڑپنے لگون سینہ مین اگر دل ٹھہرے

عشق نے مجکو بنایا ہے اک آویزہ گوش
چین سے وہ کہین بیٹھین تو مرا دل ٹھہرے

طبع روشن ہو تو ہو بزم تری وابستہ
شمع اوٹھجائی تو محفل کی نہ محفل ٹھہرے

کونسی عشق مین آفت مری دلپر گذری
جسکی غم مین نہ کبھی آنسو نکلے دل ٹھہرے

نقش پا صورت ہون کہان مرا کوچ و مقام
تھک کے رہجاؤن جہان پہونچے وہی منزل ٹھہرے

رشتۂ شمع سی کہتا ہے یہ شعلہ ہلکر
کھینچیے دار پہ جس دن تو وہ کیا دل ٹھہرے

آئی ہی جاے مین پروانونکی رُوحِ مجنون
شمعِ فانوس مین کیون صفتِ محمل ٹھہرے

صورتِ لنگرِ ساعت ہون قرار آے تو کیا
عضو بیکار رہون سارے جو مرا دل ٹھہرے

سچ تو کہتی ہین کہ سولی پہ بھی نیند آتی ہے
شمع پر سو گئے پروانے تو کچھ دل ٹھہرے

دفن صحرا مین اگر ہون تپِ ہجران والے
نبض کیطرح نہ اک جادۂ منزل ٹھہرے

مثلِ رقاص ہے ہم سوزنِ ساعت مین ہون
کیون چلو چال وہ جس سے نہ مرادِ دل ٹھہرے

شمع کا ساتھ نہ مشکل مین دیا راہِ عشق
جب ہوا آئی نہ پروانۂ محفل ٹھہرے

شعلۂ شمع پہ مضطر ہو نہ کیون پروانہ
جانِ شمع لی ہے جس دل کی وہ کیا دل ٹھہرے

بیقراری سببِ بستگیِ خاطر ہے
جب گرہ کھل گئی کچھ آنسوونکی دل ٹھہرے

برق کہتی ہی ضیا ابر کو دیکر مجھسے
آگ لگجائے کلیجے مین تو کچھ دل ٹھہرے

جب جنون مثلِ کمندِ سرِ دشمن مین سفر
اک قدم گھر مین ہے اک سرِ منزل ٹھہرے

ناتوان ہم ہین کسی چیز کوئی ہین شاید | پھر پڑی قافلی جب ہم پس منزل ٹھہرے

جنبشین ابرو نکی غیرون نے دیکھین اونکی | ہم نہ تلوار لگانیکی بھی قابل ٹھہرے

کوئی قاتل ہین یہ آخر کو روا رو دیکھی | پاؤن راہی مین ہے سر سر منزل ٹھہرے

سچ ہے آنکھون سے گری اشک تو برباد ہوئی | قافلی لٹ گئی جب چھوڑ کے منزل ٹھہرے

چشم عشاق کو تسکین نہو کیونکر اوبت | عرق آجائی تو بیمار کا کچھ دل ٹھہرے

تیر کی طرح ہوئی ہمکو نہ تکلیف سفر | جب چلی اپنی جگہہ سی سر منزل ٹھہرے

سچ ہی آنکھون نے دل زار کی لی جان آخر | روئین جب سر تیہ بیمار کا کیا دل ٹھہرے

لاش پروانی کی فانوس مین لون آئی ہی | جب نہ تابوت کسیکا سر محفل ٹھہرے

گھر کے چھٹنے کا نہ انسانکو غم ہو کیونکر | نکلی پتھر سی شرر بھی تو نہ بیدل ٹھہرے

شمع عکس رخ روشن نے دکھائی جو کشش | جو آئینہ پروانہ محفل ٹھہرے

حسن سے یاد مین چال سفر ہے اپنا | اوڑ کے پر دور گئی جب بلبل ٹھہرے

صاف کر قلب تو ہو نیست ہی ہستی تجکو
ایک آئینہ مین سو مردم محفل ٹھہرے

مجھ سی وحشی کا جنازہ جو اوٹھا صحرا مین
کاندہا دینی کو بگولی سر منزل ٹھہرے

کوئی ہمدرد اگر ہو تو سکون ہو شاید
روئی پہلو مین کلیجہ تو مرا دل ٹھہرے

ہمکو اودن کی محبت کا طریقہ بھایا
آب شبنم سی اگر ہو تو نہ وہ دل ٹھہرے

مین نہ تڑپون تو زمانہ مین تڑپے کوئی
چین ہر ایک کو آوے جو مرا دل ٹھہرے

صفت دانۂ تسبیح ہون کیونکر ساکن
چین اوس ہاتھ سی پاون تو مرا دل ٹھہرے

کشتی بحر ہون کیا ذکر روانی کا مری
پاون منزل پہ جو رکھدن تو نہ منزل ٹھہرے

جس آخر یہ ہوا اب سے دم مجنون سی
محملون مین نہ کہین صاحب محمل ٹھہرے

عنکبوت اک ہون تو میرے لئے سو راہین
جس طرف جاون وہی جادۂ منزل ٹھہرے

ہون وہ شوریدہ سر آئے بھی اگر کانون تک
شور محشر مجھی آواز سلاسل ٹھہرے

مجکو پھر درد کی باتون کا مزا مل جائے
منھ مین دم پھر کبھی زبان ہلی اگر دل ٹھہرے

دہر میں مانند ہوا ہوں پہونچوں کیونکر | جب ہیولوں پہ جگہ چھوڑ سکے منزل تک
عنکبوت اک ہوں مسافر مری ایہ نگہ پہونچے | [illegible]
جذب باطن ہی کہاں تک تا اثر سے آئے گا | [illegible]
واہ کیا خوب ہوا ختم سفر شکل گرا | ہمیں [illegible] جب [illegible] منزل [illegible]

غزل ۱۰۶ — شعر ۳

دیکھتے جائیں وہ چال اپنی نگونکر ماہر
پاؤں پڑ جاتی مری دلبہ تو مشکل ٹھہرے

داغوں سے دل کی عیش جوانی بدلگئی | گھر میں چراغ شام کے ہوتی ہی جلگئی
آنکھوں سے اشک جوش غم میں نکلگئے | دریا پہ [illegible] دل سے

غزل ۱۰۷ — شعر ۱۳

جب آپ داغ دل کا تصور ہوا ہمیں
گھر سے چراغ لیکے ہوا میں نکلگئے

جب آئی نزع میں تیکی سو مزار چلے | اخیر وقت بھی ہم دوست کو پکار چلے

نہ پوچھ کچھ کہ کدھر راہیٔ مزار چلے
ادھر ہی عمر کو چلے یہ سب ہر کو چار سے چلے

گلی سے یار کی یہ کہکے جان نثار چلے
صدا نہ آئی فقیر آج بہ پکار سے چلے

گنہ کے بوجھ سے کیا کیا نہ شرمسار چلے
تھکے تو چار سے کاندہے پہ چار سے چلے

فنا ہوا مرے آہوں سے یان تن خاکی
ہوا کے زور مین جیسے کبھی غبار سے چلے

نہ تھم دیکھنے کے قابل رہی جو عصیان سے
کفن سے منھ کو چھپا کر گناہگار سے چلے

عدم کے جادے پہ یون نابلد روانہ ہین
کہ جیسے راہ کوی طفل نی سوار سے چلے

نہ پوچھ ڈالتی مر کر بھی دوستون تم پہ
تھکے یہ نزع مین اعضا کہ ہم سوار چلے

رہِ فنا مین کئی تھی جو ہر قدم پہ گناہ
قلم کی طرح جہان سے سیاہ کار سے چلے

اسی حجاب و ندامت سی گڑ گئے مر کے
ہمارے پاؤن نہ تھے کیا جو لیکے یار سے چلے

جنہون نے سر پہ چڑھایا تھا راہِ ہستی مین
وہی عزیز لحد مین ہمین اُتار سے چلے

پیی غدیر مین جب ساغرِ شرابِ ولا
مغان کی خیر ہو یہ کہکے بادہ خوار سے چلے

غزل ۱۰۸ | مثال دانۂ پسا کشت دہر مین ماہر
جب آئے سیا کیطرح چرخ کجمدار سے چلے | شعر ۱۵

فلک نہ عیش رہا نہ شباب باقی ہی — اس انقلاب کا بس انقلاب باقی ہی
جگر مین داغ ہین وقت شباب باقی ہی — ظہور شام ہی اور آفتاب باقی ہی
رہین امید ہون عہد شباب باقی ہی — نہ فلک جو یہی انقلاب باقی ہی
کھلے بندھے کا ہمیشہ عذاب باقی ہی — سیہ بلا ہی کوئی یا خضاب باقی ہی
فنا ہین اشک یہ چشم پر آب باقی ہی — غضب ہے خشک ہے دریا حباب باقی ہی
وجود بحر جہان ہی بقدر تاب و توان — بہت ہے یہ جو کوئی دم حباب باقی ہی
کھلے بندھے فلک کیون سدا خضاب مرا — بشر کے دلمین خیال شباب باقی ہی
ہے آبرو کی طلب گر تو کر ہنر حاصل — بقائی بو ہے تو قدر گلاب باقی ہی
کسو یہ چرخ سی کچھ چھولدی خضاب مرا — یہ رنگ ہے تو نشان شباب باقی ہی

نہ فیض پائیگا اس خاکدان سے غافل
سراب پر تجھے امید آب باقی ہے

بندھیگا رنگ نشہ اچھی طرح سے پیری کا
کھلا ہوا ہے جو اپنا خضاب باقی ہے

نہ تن کے دیکھ ہر اک بار حسن کو غافل
یہ آب و تاب ہے جب تک شباب باقی ہے

فلک کی دور میں طفلی تو کٹ گئی رو کر
ایاب شیب و ہاب شباب باقی ہے

شکستہ دل ہوں محیط جہاں میں مت سے
خدا کی شان ہے ٹوٹا حباب باقی ہے

غزل ۱۰۹

میں لے کے نسخہ اکسیر کیا کروں ماہر
جہاں میں خاک در بوتراب باقی ہے

شعر ۱۴

کس طرح جان آئے بدن میں نظر کبھی
لیلی نکالتی نہیں محمل سے سر کبھی

حسرت ہے دو دل بھی ہو داغ جگر کبھی
کھٹکے نہ تیرے تاک سے گل تا بہ پر کبھی

ہوتا ہے سنگ میں بھی مرے ضرب کا اثر کبھی
جیتی ہے آکے صبا پھرا ہے جو مر کبھی

ٹکڑے جگر کے گھٹیں نبرد میں کیا پر جگر کبھی
ہٹتی نہیں ہے جنگ میں پیچھے سپہ کبھی

کیونکر تھمے مژہ نہ تھمین لختِ دل مرے
دم راہرو بھی لیتے ہین زیرِ شجر کبھی

ناصح خراشِ غم سی نگاہین کہ ظلم سے ہو گئین
ناکام ہون جو محو ہون زخمِ جگر کبھی

تابان کب آفتابِ قیامت ہے تیز تھا
پھینکا تھا مین نے سینہ پہ داغِ جگر کبھی

سیلی ہوا کی پڑتی ہی گلزارِ دہر مین
بو بھی نکالتی ہی جو غنچہ سے سر کبھی

سب بھولجا ئین وسعتِ صحرائے حشر کو
دکھلا دون گر مین دامنِ زخمِ جگر کبھی

باآبرو کو دل کی جراحت نہ کیون ہو قہر
بھرتا نہین گہر کا بھی زخمِ جگر کبھی

غنچے چٹک چٹک کے یہ کہتے ہین باغ مین
مٹھی نہ بند ہو جو ہو ہاتھون مین زر کبھی

انسان کو کیون نہ ہجرِ وطن کے ملال ہون
تڑپا ہے خود شرر بھی جو چھوٹا ہی گھر کبھی

بیگانہ خود سے ہی یہ پسِ مرگ ہو گئی
ہم تک نہ آئی مرکے ہماری خبر کبھی

غزل

ماہر وہی جہان مین ہی اللہ کا فقیر
دیکھا نہ غیرِ دستِ دعا جسنے در کبھی

شعر

نہ پال سبق بن شجر کے ڈھل جاتے | فلک سی برف جو گرتی نہال جل جاتے
ہماری آہ کے شعلے کبھی جو چل جاتے | چمن سے بو کی طرح باغبان نکل جاتے
شہید تیغ پہ جس طرح چال چل جاتے | قدم کی راہ نباتی تو سر کے بل جاتے
نہ خون دل کی غذا آنسوؤں کو دی افسوس | جو پرورش کو یہی کرتا یتیم پل جاتے
گلاب شک سے درد دل جہاں کھلتے | دوام اتفاق جو پاتے تو کچھ سنبھل جاتے
کسی شہید کے باغ جہاں میں تھی ہم رنگ | حنا کے حال پہ ہم کیوں نہ ہاتھ مل جاتے

غزل ۱۱۱

عصا نہ ہاتھ جو پیروں کا تھا تو ماہر
وہ دو پہر تھے کہ سو بار دن میں ڈھل جاتے

شعر ۱۸

حرارت سوز غم آنسوؤں میں آشکارا ہے | عجب خرمن ہوں میں آہ ہی دل جسکا ہر دانہ شرارا ہے
ترقی بخش دریا اسقدر رونا ہمارا ہے | چراغ چشم ماہی جو ہی وہ گردوں کا تارا ہے
دل سوزاں سے جو نکلا ہی آنسو وہ شرارا ہے | عجب آتش ہوں جسپر آب کا قطرہ بھی پارا ہے

عجب کیا اضطرابِ دل جو شورِ حشر گوارا ہے
زمیں پر پانو ہی میرے نہ تھے جب کاوہ وا ہے

لیس پر دات والا گرمی بحث آشکارا ہے
کہیں کیا رتبۂ محبت کا الگ ہی حد را ہے

عجب کیا ضعف میں قسمت کی چالوں نے جو ہارا ہے
ستم ... سے گردشِ تقدیر کا ستارا ہے

پڑھی ہی الٹی سینی میں نے جب ہم نام کی تیری
مری سر اور جگر پر تیغ نے دشمن کو مارا ہے

الٰہی کشتگانِ خاک کی یہ نیند کیسی تھی
اٹھیں ہیں تب کہ جب شورِ قیامت نے پکارا ہے

پڑی ہی کس لیے افتاد یا رب طفلِ شبنم پر
شعاعِ مہر نے تیرِ سحر سے جسکو مارا ہے

نہ کیوں سینے سے دم رک رک کے آئے تشنۂ خنجر کا
گرہ تارِ نفس کی سوزِ دل کا ہر شرارہ ہے

یہ طغیانی بحرِ اشکِ ستم کا ہی مری عالم
کنارہ جس جگہ کل تھا وہاں آج دھارا ہے

اگر تو دادخواہ جورِ دشمن ہی تو ساکت رہ
ستم پر چپ کہ آہ جو وہی سکو پکارا ہے

کہیں دیکھی نہ تھی جو ادا اول نظر میں آنکے
غضب کی وہ نگہ ہی اتر قیامت کا اشارا ہے

وہ ناخن انگلی ہیں حنائی کہ ہر نقشِ انگشت
خطِ زیرِ نگیں کی طرح بالکل آشکارا ہے

نہ کیون بجائین گرما گرم باتین اپنی نالی بہی
زمانہ آتش سوزان غم کا دل ہمارا ہے

وہ ساعت کون تہی جسمین ترا طالب تجہے بہولا
دم آخر بہی گہنگرو کی صداؤن سے پکارا ہے

یوہین ہر عیب بین ہے دیدۂ عیب فراق مین عاجز
نگہہ کو غیر ممکن جیسے آنکہونکا نظارا ہے

غزل ۱۱۲

شعر

جدا کیونکر کرون دل سی مین سوز غم کو ای ماہر
شرر اس آگ کا جو ہی مری آنکہون کا تارا ہے

بیجان کرینگے عشق مین اشک روان مجہے
لوٹیگا رہزنون کیطرح کاروان مجہے

شکوہ نہین جو ساتہہ نہ لین رفتگان مجہے
اکبار بڑہکے دیکہہ تو لی کاروان مجہے

رکہیگی پہر کہین کا نہ تاب و توان مجہے
اب بہی پکارلے جرس کاروان مجہے

مرجاؤنگا عزیز ہی سوز نہان مجہے
ای چرخ پہیر دے مری دل کا دہوان مجہے

کیونکر فروغ پاکے نہ بجہتا مثال شمع
ناساز تہی کمال ہوئے جہان مجہے

ممکن نہین کہ زیست مین اہل عدم ملین
مین خود ہون بے نشان تو ملی کچہہ نشان مجہے

دو پھول لا کے قبر پہ رکھے نہ ایک نے
آیا نظر چراغ تو بس گلفشان مجھے

کیون چھاونی غبار نہ چھائے مزار پہ
دنیا مین تھا خیال بنائی مکان مجھے

بد گوئیون نے خلق کی مجروح کر دیا
گویا زبانین ہو گئی ہین تیر و سنان مجھے

چھیدے سے دل سطر حسن کیا تا کر اے فلک
ملتی نہین لحد مین مرا استخوان مجھے

دلدادہ ہون مین جو تیغ ابروی یار کا
انگشت اعیان نے ایسی دکھائی کمان مجھے

کم اوس سے نوک جھونک ہے تیری پی کی
طعنے ملے جہان مین ہر آن بن سے مجھے

تکتے تو لگ چکے ہین کلیجہ مین خلق کے
اب داغ دل دکھائیگی کیا گرمیان مجھے

رکھتی ہی چشم تر مین وہ تارہ طلسم ہون
استادہ ہو دیکھیگی آب روان مجھے

ای یاد پائے عمر روان جانتا ہون مین
دکھلائیگی زمین تری شی عیان مجھے

ہنگام یاد موت جو کرتا ہون مین نظر
ملتا نہین ہانچین میرا نشان مجھے

ماہر نہ تیر ظلم فلک کا ہدف بنون

غزل ١١٣	سیدھا بتا رہی ہی کجی کمان مجھے	شعر

دامن میں تھمین اشک کیونکر مژے سے جا کے
منزل پہ اوترتا ہے یوہین قافلہ آکے

باعث ہے نہ تھمین نفس میری بقا کے
وہ شمع ہون روشن جو رہی دامن سے ہوا کے

سُرخ آندھیان آئی وہی سید رو سدا کے
اُٹھے جو بگولے کبھی خاک شہدا کے

دامان شفق کون کو نہ دھو سکی فلک تو
چھوٹینگے نہ دھبے کبھی خون شہدا کے

تکلیف عدم جانیگی جب کی تی ہی پیری
کس عجز سے کرتا ہون نہین کو ہلا کے

کسطرح تھمی دم جسد زار ہین اپنے
اولجھا ہے کبھی خار ہی دامن سے ہوا کے

سید رہ جہان رنگ شفق کا وہی سمجھے
چھیٹے جو فلک تک گئی خون شہدا کے

غزل ١١٤	امید وفا جنسے پس مرگ تہی ما مہر بیٹھے ہین وہی فاتحہ سے ہاتھہ اوٹھا کے	شعر ٤٧

آتش قدم ہون قید عجب کا مقام ہے
زنجیر اشک ریختہ موسم تمام ہے

ہم لاغروں کی دفن مین کیون اہتمام ہی
لوگوں کی ایک خاک کی چٹکی کا کام ہے

میخانے مین وفا کا طریقہ جو عام ہی
شیشی کے انقلاب سی گردش مین جام ہے

ہر بار ادب سی پاؤنکا سر پر مقام ہی
کسکا سُم غزال کی مُہرون مین نام ہے

فاقہ کشونکی قید مین کیون اہتمام ہی
دانہ تو خود دہلین گرہ تار دام ہے

ایک ایک دم مین عمر بشر کی تمام ہی
آمد نفس کی ہی کہ اجل کا پیام ہے

اوس گرم بن مین اہل جنونکا مقام ہی
ایک ایک سُم غزال جہان مع خام ہے

بدنام وہ ہین پر دون سی قتل عام ہی
تلوار کاٹتی ہی سپاہی کا نام ہے

نہ پھر جفا ہے اور نہ وفا کا مقام ہی
بعد اپنی حسن و عشق کا قصہ تمام ہے

پیری مین رہ گیون کونسی عضو بدنکو مین
دل مر چکا ہے آنکھ کا لبریز جام ہے

کی ہی جو وحشیون نے زدوکوب پاؤن سی
صحرا تمام تختہ قرطاس خام ہے

ہُوا وسنی ہی جب یہ ہمیں کھلایا راز
جلنی سی پختہ کار ہی دل موم خام ہے

ہیو جہ یہ زبانکی جنبش نہین حضور
دیجیے جواب شمع لگن ہمکلام ہے

اللہ ری تاب تب مری دوا کی خشبو
کالے ہرن ہین سایۂ تن تیرہ فام ہے

مجھ دل جلے کی قبر کی جا کا ہی یہ پتا
ہی آگ اگر جو بانیہ جلے وہ مقام ہے

کہتا ہون دلکو ڈھونڈھ کے ہاتھون سی ضعف مین
پروردگار کونسا دلکا مقام ہے

پروانونکی لاش سی کہتا ہی یہ شمع
سر جڑ کے جھکے جو مر کے وہی کا مقام ہے

حسن بتان کا خانہ عالم ہی طلسم ہے
ہی دور چشم مست سحر ہے نہ شام ہے

پہلو پکڑ کے ہجر مین تڑپون نہ کسطرح
ای دوست یہ گئے ہوئے دلکا مقام ہے

خورشید کیطرح ہمہ تن مین جو داغ ہون
سائے ہین میری خلق کو مشکل قیام ہے

رونق کا بہی گذر نہین تابوت تک مری
لاشے پہ حسرتون کا غضب اژدہام ہے

آخر شباب ہو تو گھلین کیون نہ استخوان
پچھلی پہر کو شمع لگن ہی تمام ہے

اترا ہون وہان مین قافلہ والونکو چھوڑ کے
کوسون ہی بستیون سی الگ جو مقام ہے

کس کس حجاب مین نظر آیا جمال دوست — کیا حسن کے حجاب مین دیدار عام ہے

جلجائی دل زبان سی عاشق آہ کرین — ارشاد نازکا ہے اداکا پیام ہے

کاٹون تڑپ تڑپ کے نہ کیونکر شب فراق — مخملکو خواب تیرے لئیے حرام ہے

طالب ہے نام کا تو گوارا کر انقلاب — اولٹا لکھا ہوا جو مہر نگین نام ہے

نازک لبونکی لب بھی لٹتے ہین پیار سی — دیکھیے سپید مرمری مٹی کا جام ہے

کھائے ہوئے ہے سم جو حسینونپہ حسن سی — لالہ رخون کا خط سیہ سبز فام ہے

مقتل مین آج دیکھئے کسکا گلا کٹے — اولٹے ہین آستین وہ چھری بے نیام ہے

عاشق مین کچھ نہ کچھ صفت حسن ہے ضرور — اوسکی بہوندھی ہی مری مٹی کا جام ہے

مستونکی فرق پر ہی جبھی تک کلاہ سر — جبتک کہ طاق مین سر شیشہ جام ہے

پوچھو مسافرونکی نہ کچھ بود و باش کو — غربت کی چھاونی ہی جہان ہو مقام ہے

کرتے ہین ہمکو ذبح جو وہ آستین چڑھائی — لوگون کا ٹھٹھ لگا ہی تماشائی عام ہے

عشاق کو یہ شرعِ محبت مین حکم ہے — گردن پہ ہو چھری تو تڑپنا حرام ہے

منزل سی اوترین ٹھہر کے کہین قافلے کے لوگ — کوسون کا جو تھکا ہی یہ اوسکا مقام ہے

آنکھون مین جان اٹکی ہی اتنی سے کے واسطے — میری قضا مین ایک ادا کا ہی کام ہے

شبنم سی کو یہی تنگ ہے آزردہ شمع سی — روتے ہین مگر مری رونیکا نام ہے

سیخت جان سو گئی ہی اشتیاق سی — مرنے کا عاشقونپہ عبث اتہام ہے

مفلس ہے اک سی ریخ فقط کیون دل لے — خیر داغ پاس کوئی درم ہے نہ دام ہے

پروانون سی جب آتی ہی جلنی کی کچھ صدا — کہتا ہے جھک کے شمع کا شعلہ سلام ہے

طے کی رہِ درازِ عدم ہمنی بعد مرگ — میت مین اتنی جان عجب کا مقام ہے

اتنا تو اختلاج ہو عاشق کی قلب کو — ٹھہرے وہان نہ ہاتھ جو دل کا مقام ہے

رگ رگ مین جان آتی ہی لیکن دبے ہی دل — میری لحد پہ کون یہ محوِ خرام ہے

کس سی پکارئیے گا یہ کس سی جواب دے — دل کا میری لٹی ہوئی بستی ہی نام ہے

سینہ پہ میری ہاتھ بھی رکھا کبھی یون	آیا وہان نہ ہاتھ جو دل کا مقام ہے

غزل ۱۱۵	ماہر تو ان کے حسن کی دنیا بھی ہی طلسم ہی دور چشم مست سحر ہے نہ شام ہی	شعر

کعبہ مین کون ہی جاتا کہان خیر تو ہی	خود ہی کہو جا جو وہان جا کے تو پھر سیر تو ہی
جسطرف جاتے ہین واعظ وہ رہ دیر تو ہی	برہمن شیخ ادہر آج کہان خیر تو ہی
ہین حباب لب جو دید تو ہی سیر تو ہی	ٹوٹتے دیکھتے ہو دل تہین کچہہ بہ خیر تو ہی
راز دل کہتی ہو بیجا رسی کچہہ خیر تو ہی	نہ سہی غیر کوئی حال مرا غیر تو ہی
مین نی گہبرا کے کہا وہ جو اچانک آئے	بے بلائے ہوے آئے ہو کدہر خیر تو ہی
ہمنے تو آکے یہان کچہہ بھی نہ دیکھا واعظ	گھر مین اللہ کی بی سیر کے ایک سیر تو ہی

غزل ۱۱۶	غل ہوا واعظ نے کیا گھر کو خدا کے بھی خراب دل جو ماہر کا شکستہ ہو تو پھر سیر تو ہے	شعر ۶

ایک ہون گر بلبل و گل عشق کی اعجاز سے
لاکہہ کلیان چٹکین آواز پر پرواز سے

کسطرح کہدون یہ مین عشاق و صد ناز سے
دی تجہی کوئی صدا بہی تو تری آواز سے

نالۂ بلبل ہی الفت نے نہ رکہا بے جواب
دی صدا گل نی شکستِ رنگ کی آواز سے

آفرین ای زورِ بازو مرحبا ای جذبِ عشق
لے اوڑا کنج قفس و رپر پرواز سے

ہم صفیر و بوی غنچہ کیطرح چاہا جب
سو قفس توڑے ہین اک زور پر پرواز سے

غزل ۱۱۱

کون یہ ماہر کہے اونسے جو بیٹہے ہین عبث
ایک تربت پہ بہی تم چلتے اسی انداز سے

شعر

فنا کا اپنے حبابونکو ہوش آتا ہے
جنازہ موج کا جب تا بدوش آتا ہے

مجہی جو فصلِ بہاری مین جوش آتا ہے
لہو کو رنگ گلستان کے جوش آتا ہے

روا روی کا غل تا بہ گوش آتا ہے
حباب بحر مین خانہ بدوش آتا ہے

شب فراق مین دمساز اک ہی ہی بہت
کہو غشی ہی کہ رخصت ہو ہوش آتا ہے

ادنہین گو ایک نہین عذر مجہہ تک آنیمین	ادا غشی کی کرشمون سہی غش آتا ہی
شب فراق مین یہ کہتا ہی کب فلک تنہا	غشی ابہی نہین جاتی کہ ہوش آتا ہی
نہین ہی کوئی جو فرقت مین پوچہنی والا	غشی سہی مجکو اوٹہانیکو ہوش آتا ہی
غشی کی بعد نہ انسانکو کیون ہو یاد اجل	کہ آنکہین کہلتی ہین جسوقت ہوش آتا ہی

غزل ۱۸	نہ بیکسی کی ہو حالت نہ ہو یہ ای ماہر تری غشی کی خبر سنکی ہوش آتا ہی	شاعر

ذکرِ دو چشمِ مستِ یار اگر دم بھر چلے	صف کی صف مستونکی گرے بزم مین ساغر جو چلے
قبر مین ہم آئے ارمان دلکو ویران کر چلے	شب ہی سی احباب اوٹہکر اپنی گھر چلے
اتحاد واقعی سہی عشق کا دم بھر چلے	ذکر تیرا ہر دم تیری زبان سی کرتے چلے
نزع مین جب موئے مژگان کا تصور کر چلے	وقت آخر اک رگِ جان پر کئی نشتر چلے
ساقیا خود اوسکی مستی کا بیان ہو کسطرح	آنکہ کی گردش سہی جسکی بزم مین ساغر چلے

جان دینی کا مزا ایس سی پوچھو قاتلو — جسکی گردن پر تمہاری ناز کا خنجر چلے

جو تونکی عشق مژگان مین ہوے صیدِ انور — پاؤن مین کانٹی ورا فرق پر پتھر چلے

جادۂ شمشیرِ قاتل ہے وہ راہِ خوفناک — ہاتھون ہی سی راہ مین پاؤ نکلی آگی سر چلے

گر تپِ فرقت مین اپنا تڑپنا کچھ لکھون — کلک کی نبضین چھٹین ایک اک رگ مسطر چلے

کم نہین زمی بھی کچھ سختی سی اہلِ جور کی — جب فلک کا دل پسیجا خلق پر پتھر چلے

غزل ۱۱۹

جھک کے چل ماہر ہر اک سی رہگذارِ دہر مین
کھائی ہے ٹھوکر اونھون نے جو اٹھا کر سر چلے

شعر ۲۹

ہوش آفات سی دنیا کی نہ خود سر مین رہے — موج چاہے تو حباب اک نہ سمندر مین رہے

حرص جنمین تھی وہ تحریص تونگر مین رہے — کانٹین کوئی نہ ہونکے پہلو سر مین رہے

طرقۂ اعجاز ہو دوران اگر سر مین رہے — سفر مین ہی ہو اور پاؤن مرا گھر مین رہے

کیون ترقی نہ صدا حرصِ تونگر مین رہے — اور غباری ہوا اونچی جو ہوا مین رہے

آبرو دارونکی صحبت سے بنا کا سبب ہے / کیون نہ رشتہ کی جگہ ہر دل گوہر مین رہے

مستحق جان غم تو سایل سر گردان کو / آسیہ کا جو پھر پیٹ تو چکّر مین رہے

گر کے غبّار سے یہ صحرا مین صدا دیتے ہین / پست یون ہوتے ہین وہ جنکی ہوا سر مین رہے

نیند یون آئے کہ جانیکا نہ لے نام کبھی / آپ کے جسم کی بو بس کے جو بستر مین رہے

شیب مین حال جوانی کا تہ و بالا ہو / پاؤن چلنے ہی سے رہ جائین تکان سر مین رہے

جلکے غبّار سے یہ گر نہین صدا دیتی ہین / آگ دل مین جو لگے پھر ہوا سر مین رہے

آگے منھ تک جو پلٹجا ہی کبھی ساغر سے / جان مستونکی کھنچے یون کہ نہ پیکر مین رہے

حسن وسعت کو اگر چھوڑ کے تنگی چاہے / ساری گلشن کی شمیم ایک گل تر مین رہے

تھا مین وہ تشنہ دیدار قسم ساقی کی / سوندھی ہو جائے جو مٹی بھی مرے ساغر مین رہے

یون ترے فرش پہ دل اپنا پڑا رہتا ہے / پھول الٹا ہوا جیسے کوئی بستر مین رہے

بوئے غیر آئی انھین قہر ہوا تھا ٹھنکے / چھپ کے چھو لو نہ مرا دل ہی جو بستر مین رہے

شاق ہوتا ہی حسینونکو بھی باہم کا فراق ۔ رنگ اوڑی گر تو نہ نکہت بھی گل تر مین رہے

ہم الگ رہکے تنگا ہون زمانیکی گرد سے ۔ وہی اچھے رہے جو مجمع محشر مین رہے

صفت جیب سحر چاک کرین وحشی عشق ۔ ہاتھ انکا بھی اگر دامن محشر مین رہے

نامہ بر دھوپ کی بھی راہ مین تکلیف نہو ۔ تو اگر سایہ شہبال کبوتر مین رہے

آکے موجون نے حبابونکو طمانچہ مارا ۔ اونکا انجام یہ ہے جنکی ہوا سر مین رہے

حال لکھون جو تپ ہجر کی مین حدت کا ۔ حرکت نبض کی ایک ایک رگ مسطر مین رہے

عقل سے رنج زمانہ مین پہونچتی ہین سدا ۔ گر نہو ہوش تو کیون درد مرے سر مین رہے

مین تو کیا منھ کو اوٹھا مین نہ کبھی تکیے بھی ۔ بو تری بس کے کبھی گر مرے بستر مین رہے

اونکی تونے وہ تحسین کیا کیا نہ مکانین ہونگا ۔ اتفاقات سے شب کو جو مرے گھر مین رہے

اذن لے لے کے اگر شمع سے پروانے جلین ۔ جس سے پیدا ہو نہین وہ حرکت سر مین رہے

اہل جوہر تو سبھی اپنی جگہ بنتی ہین ۔ قلعی کھلجائی نہ آئینہ اگر گھر مین رہے

عددِ جوہرِ آئینہ بھی کم ہیں اوسنے — جتنے ارمان دلِ پر درد سکندر میں رہے
پاس والونپہ تو وہان او ستم ہوتے ہین — ملگئے دل و شیر ہو پھولونکی جگہ تر میں رہے

غزل ۱۲

دلکی توصیف کی حاجت نہ کبھی ہو ماہر
آئنہ ایک اگر دستِ سکندر میں رہے

شعر ۷

حرص کسطرح نہو روح جو پیکر میں رہے — تنِ انسان میں جو دم ہو ہوا سر میں رہے
کیون نہ طاقت میں بھی قلت ہو جو پیکر میں رہے — آب گھٹتا ہے مٹی کے جو ساغر میں رہے
آبرو حب کے گردش بھی مقدر میں رہے — ذرہ غلطان نہیں دوران کے سر میں رہے
مرکے ہر سست نہ کیون دوسرے پیکر میں رہے — روح نکلی ہوئی شیشونکی جو ساغر میں رہے
زخم کیونکر نہ ہر اک پیکرِ جوہر میں رہے — رنگ کھچ جائے لہو کر ترے خنجر میں رہے
تشنۂ حسن ہو تو صحبتِ دلبر میں رہے — آب پر بند نہ پانی نہ گوہر میں رہے
نام باقی رہا تا حشر جو یہ گھر میں رہے — آگئے آبِ بقا حق سکندر میں رہے

تو اگر باغ مین دونونکی کبھی بر مین رہے
بو ہوا مین تجھ ہوا بوئی گل تر مین رہے

سب سے جھک جائے تو کیا ہوش مرے سر مین رہے
بادہ کسطرح سی الٹی ہوئی ساغر مین رہے

دلکو حسرت ہی وہ دیدہ دلبر مین رہے
نیند سا ہو نہ حیل پرندا وس گھر مین رہے

نیند بھی نشہ ہے گردش دلبر مین رہے
بادہ بس وہ نہی اوس چشم کے ساغر مین رہے

دل بیتاب مین کیا عیش تھے ای گردولت
بادہ کسطرح سی الٹی ہوئی ساغر مین رہے

عہد دولت مین ہون گردن کے مین اس سی غلطان
کہ تڑپنے کی نہ حسرت دل گوہر مین رہے

صفت رشتہ تسبیح جو تھی حسرت دید
ایک ہی وقت مین عاشق ترے گھر مین رہے

کون غواص سی ہے بڑہ کے بیتون پہ شفیق
غرق ہونے پہ بھی دلجوئی گوہر مین رہے

کونسے تجھسے وہ حسین جو ہو ہمسر تجھسے
پھول ہی باغ کے دیکر ترے بستر مین رہے

چھوٹ نکلی تری آب بھی تو ہے کے لیے
گر نشان انکی لبون کا لب ساغر مین رہے

آبرو جس سی ملی زخم بھی وہ اچھا ہے
کیون نہ سینے کی جگہ کچھ دل گوہر مین رہے

صاف دل ٹوٹنی کی آتی ہی کرتی ہی صدا
جان یون بھی کسی مست کے ساغر مین رہے

شب وصلت ہی گئی تیرگی شام فراق
چاندنی پھیل کے کیون اب عمر گھر مین رہے

زنگ دوڑے صفت مور جو جوہر مین
جان بسمل کی جو دم بھر ترے خنجر مین رہے

دم مین ہو جائے فنا میری طرح سی وہ بھی
بو تری تجھسی جدا ہو کے جو بستر مین رہے

حق تو یہ ہی کہ اب آئینونکی تقصیر نہین
دل بھی تجھ سے ہو یہ یاد سکندر مین رہے

خاک بھی کھینچتی ہی خاک کو اپنی ساقی
تہ نشین درد یکھو نکر مری ساغر مین رہے

تھام سی دل کے کنارے جو پڑا رہتا ہے
کبھی ملتا ہے ال کے وہ گل بھی ترے بستر مین رہے

لکھو لکر دیکھ سکی منہہ نہ نسیم سحری
آپ اسطرح سی لپٹی ہوئی چادر مین رہے

پتلیان جھکتی ہین یون دیکھو وہ آنکھین
عکس جسطرح سر مست کا ساغر مین رہے

دشمنونکی تن نازک مین نشان پڑتے ہین
حکم ہے پھول نہ کوئی مری بستر مین رہے

دو دلونمین جو ترا حسن جدائی ڈالے
بو ہوا مین نہ ہوا بوئی گل تر مین رہے

اونکا خط دیکے یہ قاصد کو دعا دیتے ہین
تو سدا سایۂ شہبال کبوتر مین رہے

آئی ہچکی تو لگی چھنے سی صدا نغمون کی
روح بلبل کی جو بو ہوکے گل تر مین رہے

او پہنچ اونکے زمانیکی دکھائی کو نہ کیا
مدتون آنکھونمین پہ رہے [illegible] رہے

نہ یہ غل ہو نہ یہ شغم ہو نہ یہ فریاد مین
اک ترا ہاتھ نہ گر دامن محشر مین رہے

غم دوری نہ بنا مجھے گر دونا کیجی تو تنہا ہو تو
عکس داغون کا مری گردش اختر مین رہے

رہ گئے آنکھونمین اشارونکا وہ کرنا سکھی
تا قیامت ہی ہوا جب دل مضطر مین رہے

وہ لیے بیٹھے ہون جسکے لیے گھر مین قینچی
نامہ پہلی سی وہ منقار کبوتر مین رہے

وہی آشوب جہان وہی تھے فتنۂ حشر تھے
اپنے جو یار مری ہمراہ جو محشر مین رہے

دم پرواز یہ کہتا ہے تڑپتا سا یہ
ہو یہی حال اگر یاد کبوتر مین رہے

آپ کاندھے سے اگر کھینچ لے آنچل چھوڑین
بو کا اولٹا ہوا دم بھی نہ گل تر مین رہے

ڈھلکے پاس آگئے وہ اکے اک پہلو سے
دور زانو سی جو تکیے ترے بستر مین رہے

کچھ کا کچھ ہو گیا ہنگام حساب عشاق
کس سے باتین تھین کہ ہر مجمع محشر مین رہے

رنج ہر شی مین اثر اپنا دکھا دیتا ہے
عمدہ کھینچے تو تشنج رگ مسطر مین رہے

قید وہ شی ہے کہ انسان تو کیا پانی بھی
بال بھر پائے جگہ گر تو نہ ساغر مین رہے

کہین مصنوع کی صانع سے بھی چھپتی ہین عیوب
آئنہ ہو کے ہمین کیون عہد سکندر مین رہے

ڈھونڈھتی آنکھ کسطرح ہم اوس کثرت مین
آپ کھوئے ہوئے ہم مجمع محشر مین رہے

آنکھ لگی تو نہ لیسی رات کے سونے سے اگر
چین سے چین نہ لیٹے ہوے بستر مین رہے

دل کو اسواسطے روکے ہے صفائے باطن
آئنہ کی نہ جگہ قالب سکندر مین رہے

قید و آزاد تھے ہم نکہت غنچہ کیطرح
آپ ہی کہیے کہ باہر رہے یا گھر مین رہے

جوہر روح جہان ہون تو جگہ کو روکین
پھیل کر آب نہ کیون اب تر خنجر مین رہے

پلکے دیتی ہے بلندی پہ ہوائی یہ صدا
سر تڑاق جائے جو دنیا کی ہوا سر مین رہے

نیند آنکھونکو تری ڈھونڈھتی عالم مین پھری
چاند سا منہ ترا مستور جو چادر مین رہے

آپ نے حق مین ہمارے نہ کہا کلمۂ خیر
سب کا منھ دیکھتے ہم مجمع محشر مین رہے

دیکھ بحال اوسکی ہمیشہ کی تو کہتی ہے
آئینہ قبر مین بھی دست سکندر مین رہے

مثل فانوس ہی گھر روشنی شمع ہین خود
کیا کہوں کہین وہ باہر رہے یا گھر مین رہے

فر از آپ نے یون سبکو کیا جلوہ گری
جسطرح چاندنی اک چاند کی ہر گھر مین رہے

کام اوسکا بھی تو ہی جنبش ابرو سے تمام
جان بسمل کی نہ کیونکر تری خنجر مین رہے

کسطرح بعد فنا حال وہ دیکھے اپنا
آئینہ جب نکو ہی قبر سکندر مین رہے

آئینہ لیکے گئے گر آئے تو کیا کیا احسان
مین رہا آپکے گھر آپ مرے گھر مین رہے

پاس خاطر ہے نزاکت کا تری شبنم کو
پھول سوکھا ہوا کیونکر تری بستر مین رہے

بو برہنہ نکل آئی تھی بدن سے اونکے
کون پردا کرے گر چین نہ بستر مین رہے

آئینہ سامنے رکھکر بھی کھلا کچھ نہ تمھین
اپنے گھر مین ہی یا غیر کے تم گھر مین رہے

مجلس قبر مین تنہا لیئے جاتی ہی اجل
عکس کیا آئینہ قصر سکندر مین رہے

گو بنایا ہے تو کچھ حسن کو اپنے روکے
آبرو آئینہ کی ذہن سکندر مین ہے

پتلیان پھرتی ہین ہنگام تپش آنکھون ۔
نیند سا جھولتی ہین جہان اوسکے گھر مین ہے

ذبح مین چابکی ہے جو تکو مین لیتا ہون
جان نکلی مری دردم تہ خنجر مین ہے

وصل کے بعد حیا اونکو نگیون ہے ناری
شرم کی شان سمٹی ہوئی پیکر مین ہے

بو جو بیخواب تری ہو تو پڑی کیون نہ شکن
آخر اوسکا بھی تو تکیہ کہین بستر مین ہے

ہجر ساقی مین یہ کہہ کہکے ٹپکتا ہون مین
جام مین ہے نہ ادھر ہوش نہ سر مین ہے

چرخ اوسی دھوپ سے منگواکے بنا شیشہ
گر پسینے کی تری تاب تری بر مین ہے

تیرے ہی بوئی بدن کی مین قسم کھاتا ہون
دم نہ پھیرا ترا لپٹا ہوئی چادر مین ہے

نازنین ہاتھ سی شکنونکو مٹایا جلدی
جب نشان وصل کی ہمدم ابھی بستر مین ہے

غزل ۱۲۱	پینگ جھولے کی طرح اونسے بڑھے جب باہم گھڑیون آنکھون مین تو پھرتی دل مضطر مین ہے	شعر ۱۰

یہ بات جو درد کی دل ہی نکل گئی ہوتی
لحد پہ آپ سے ہی شمع جل گئی ہوتی

ہماری گھر مین جو آ کے ٹہل گئی ہوتی
اندھیری رات کھلے سر نکل گئی ہوتی

ہوا ہی گھر مین جو آ جو تمہی چل گئی ہوتی
ہر ایک شمع لگن بجھ کے جل گئی ہوتی

تمہاری تیغ جو دو ہاتھ چل گئی ہوتی
کجی ان ابروؤن کی سب نکل گئی ہوتی

نکالتے تیغ پیش ابرو مین دلیہ کیا بنتی
ہنسی ہنسی ہی مین تلوار چل گئی ہوتی

وہ مہر عکس سے کیون ڈر کی چھوڑتے نقاب
غضب ہوا تھا کہ صورت بدل گئی ہوتی

نہ آتے آپ جو دم کو تو اور کیا ہوتا
تڑپ تڑپ کے طبیعت سنبھل گئی ہوتی

ہزار دن آپکی ہوتین ادائین حسین ہی
بری بھی بات جو منھ سے نکل گئی ہوتی

بھلا ہوا کہ چھپے مجھسے آتشین رخسار
نگاہ بال کے مانند جل گئی ہوتی

غزل ۱۲۲	وہ آتے نزع مین ماہر تو یہ غضب ہوتا بگڑ بگڑ کے طبیعت سنبھل گئی ہوتی	۱۵ شعر

حسن بھی باتو نہین کھلتا ہے تو پردا کیا ہے
دیکھین معراج کی شب چھپ کے نکلتا کیا ہے

مرتے دم آئنہ آیا ہے یہ نقشا کیا ہے
مین تو اچھا ہون آہی ابھی بگڑا کیا ہے

ہاتھ اوٹھنے کی فقط دیر ہے پردا کیا ہے
یون ہی جا ہی شب معراج اب ایسا کیا ہے

یوہین مرتے ہین ہم تو نزع کا چرچا کیا ہے
تمنے دنیا کا مری بان ابھی دیکھا کیا ہے

ہم سمجھے کہ یہ عشاق مین چرچا کیا ہے
دل کسی کہتی ہین اللہ کلیجا کیا ہے

خود بھی تصویر بنے ہو یہ تماشا کیا ہے
مُنہہ تو تکتا ہی چلا جاتا ہی نقشا کیا ہے

حال پر اپنی بہی کرتا نہین تربت مین نظر
بند آنکھون نے نجانے مری دیکھا کیا ہے

لاش بھی ساتھ نہ اوٹھے تو مرا نام نہین
درد سینے مین مری جان ابھی اوٹھا کیا ہے

دیکھکر مُنہہ جو ہنستا مین تو یہ فرمانے لگے
جھائیون کے یہ نشان ہین تجھے سودا کیا ہے

سبکے ہمراہ جھکے دیکھے ہین ہم وہ بھی
جان کا میرے نکلنا بھی تماشا کیا ہے

آج تصویر سی تصویر دترقی ہی وہان
اپنے سے آپ کھنچے جاتے ہین نقشا کیا ہے

بند وہ کرتے ہین ور بند نہین ہو سکتین
کھنچکے ابرو نہ کیون ناخن با ملجائین
جگر و دلکو تو کھوتے ہوئے گذری مدت

مرتے دم آنکھون نے یارب مری دیکھا کیا ہی
جان عاشق کا نکلنا ہے تماشا کیا ہی
پھر نجانے کہ یہ سینہ مین تڑپتا کیا ہی

غزل ۱۲۳

غم سی گر خار بنی تھی نہ رگ جان ماہر
دامن تار نفس سی تری الجھا کیا ہر

شعر ۲۵۰

چرخ گو بجا آہ پر تاثیر سے
جب بدی کرتے تھے وہ نخچیر سے
کلک بھی فارغ ہوا تحریر سے
وحشیون نکے عکس کی تاثیر سے
کم نہ تھی چال اوسکی مجھہ نخچیر سے
شوخیون کا اونکی تھا یہ بھی اثر

رات بولی نالۂ شبگیر سے
کچھہ کمان کہتی تھی چلتی تیر سے
ہم نہ نکلے خانۂ زنجیر سے
سب تو سب گھر چھپ گئے تصویر سے
دل ملے کیونکر نہ میرا تیر سے
رنگ جو اوڑ نیلگا تصویر سے

چرخ اگر میری طرح پیسے اسے
عقدۂ غم نہ کھلا ناخنِ تدبیر سے

الجھے ہیں حلقے اب سلجھیں کسطرح
[illegible] پھر مری زنجیر سے

کچھ تعجب ضیقِ دنیا سے نہین
[illegible]

یون تری پلکون نے کی ہے دل مین [illegible]
[illegible] تیر

دشتِ وحشت مین شرر اوڑتے تھے جب
برق اوڑتی ہی مری زنجیر سے

زور دکھلایا ترے وحشی نے جب
حلقے کھل کھل کے گرے زنجیر سے

دل کے ٹکڑونکو تو چھوڑے وہ نظر
پر کہان جاتے نکلے اوڑکر تیر سے

حسن کی غیرت نے بدلی ونکی شکل
رنگ جب اوڑنے لگا تصویر سے

چھیڑتا کا عقدکو کیا دیوانہ تھا
باتین سنتا آپکی تصویر سے

کھڑکھڑا دی تیرے وحشی نے جہان
دیو بھاگے نالۂ زنجیر سے

یون شبِ فرقت تھمی ہے آہ سے
جیسے پابندِ فیل کو زنجیر سے

بیٹھنا نچلے اگر آتا نہین | سیکھ لیجیے اپنی ہی تصویر سے
یون مژہ پر مین لیی ہون لخت دل | آگ اوٹھائین جیسے آتشگیر سے
میری دل مین دیکھکر اوسکا خدنگ | کسطرح تڑپا کیا نخچیر سے
اشک آنکھون سی گرپڑے تجھے تو خیر | بچتے رہنا خون دامنگیر سے
ملتے ہین ہاتھون سے وہ کاغذ کو یون | چپ رہا جاتا نہین تصویر سے
آپ دکھلاتے اگر صورت اوسے | پردے اوٹھتے دیدہ تصویر سے
میرے گھر کی راہ مین جلدی یہ کی | پھر گئے پہلے مری تقدیر سے

شعر ۲۴ | اوسکو جب پایا نہ ماہر اسطرح
کلک لپٹی دامن تصویر سے | غزل ۱۲۴

مرغ تصویر چمن سی نہین گر ساز مجھے | رنگ اوڑتا ہوا کیون ہے پر پرواز مجھے
کہتے تھے مثل ورق گل تو نظر باز مجھے | آج کیون تاک رہے ہین قدر انداز مجھے

مثل اسپند بھی دی دل نی نہ آواز مجھے | ایسے جلنے پہ اوس ضبط پہ ہی ناز مجھے
لن ترانی سے کھلا ناز کا بھی راز مجھے | پردہ ہوتا تو سناتی نہ وہ آواز مجھے
مرض موت ہوا دہر مین آغاز مجھے | مین تو کہتا تھا ہوا بہانگی ہو ناساز مجھے
تیر کیطرح سی جاتا ہون جدھر وحشت مین | ہر در بند بھی ہو جاتا ہے در باز مجھے
بخت نے میکدۂ دہر مین مثل شیشہ | سرنگون گاہ کیا گاہ سرافراز مجھے
مرغ تصویر ہون پوچھو مری حسرت کچھ | پر تو ہین بھی مگر آتی نہین پرواز مجھے
تیر ہی مثل ہدف اوسنے لگایا مجھپر | کرلیا جسنے جہان مین نظر انداز مجھے
مجکو اپنے دل مضطر کی چمک یاد آئی | آئی بجلی کے کڑکنے کی جب آواز مجھے
چھپکے چپکے شب فرقت مین نہ کیونکر روؤن | تیرگی ہوگئی ہی سرمہ آواز مجھے
مجکو عشاق سی نفرت ہے تو معشوق سی عشق | سوز پروانون سے ہے شمع سی ہے ساز مجھے
توڑ ناوک سی نگہ کا نہ فزون گر ہوتا | تیر انداز نکرتے نظر انداز مجھے

حفظ بر تا ہی معشوق ہی الفت مین ضرور
داغِ دل کیون ہنو اب مہر سرِ راز مجھی

کان یہ شورِ اسیری سی نہ بھر ہین میرے
سے اپنے اوڑ نیکی بھی آتی نہین آواز مجھی

سوز الفت کے مزے کو جو کبھی ہین بھولا
آئی پروانونکے جلنے کی کچھ آواز مجھی

دلِ وابستۂ گیسو سے مجھے یاد آتا ہے
آتی ہے رات کو جب دور کی آواز مجھی

آہ فی رعد کی سنوائی کبھی جبکو صدا
برق کے گرنیکی آئی کبھی آواز مجھی

غیر ہستی جو نہ دیکھی تھی عدم مین کوئی شی
خاک اوڑا کر مری کرتے ہین افراز مجھی

دیکھتے دل سی جو کئے باغ مین مین نے نالے
آئی منہ بند کلی سی بھی کچھ آواز مجھی

ایک نالے نے فنا مجکو کیا مثلِ سپند
ڈھونڈھتی کیون نہ نکلکر مری آواز مجھی

مثل چقماق کہان جاکے سر اپنے پٹکون
سنگ ملتا ہی تو وہ بھی شرر انداز مجھی

طایرِ بو کی طرح غیر سی بازو ہین قفس ہی
جنبشِ موجِ ہوا ہے پر پرواز مجھی

نزع مین پاؤن نہ پھیلا مین رگین کیون ماہر

شعر ۳۳	یاد آتا ہے کسی نیند کا انداز مجھے	غزل ۱۳۵

گھٹ گھٹ کے دل اندوہ کی ہی بھر آئے
دیکھی ہی ہیں بانس شکستہ مزار ہے

تن ضعف سے جو اک تن گردن بار ہے
ناوک تو کیا ہوا اسی کلیجے کے پار ہے

تن خاک ہی تو زیست کا کیا اعتبار ہے
ہر عضو ہے غبار کا نقش و نگار ہے

ناخن سے وحشیوں کا بدن سب فگار ہے
زخموں کے گل کھلے ہیں جنون کی بہار ہے

شکل ان کی سنگ آئینہ میں آشکار ہے
کیا حسن ہی کہ ایسے کلیجے کے پار ہے

کہتے ہیں سنکے وہ کہ یہ کس کا مزار ہے
تھمتا نہیں ہے یاد میں یہ دل بیقرار ہے

جوہر سے ہی منون کا کلیجہ فگار ہے
پتھر میں ہی نظر کا نشان آشکار ہے

حال اپنا اپنی خاک ہی سے آشکار ہے
ظاہر ہے جی جگہ سے کلیجہ فگار ہے

نقش و نگار خاک سی صورت نما ہوں میں
آ اے ہوا فنا کو ترا انتظار ہے

ماہی کیا ہے مجکو گھلا کر جو عشق نے
جو استخوان تن میں مرے ہے وہ خار ہے

گردش مین ناس چشم سے ہے خط عذار پر
پامال آہوون سی عجب سبزہ زار ہے

آنکھون سی دل سی ہین تہ و بالا اونچ نیچ
اب وہ عمل کرین نہ کرین اختیار ہے

جھک جھک کے دل پا ہو گئے اپنے آپ مین
تصویر ہے سیر قدکی جو میرا غبار ہے

ظاہر مین ڈھونڈھ کی صفت شمع بجھ گئے
دیکھا نہ یہ کہ پاؤنکے نیچے مزار ہے

دم بھر کو بھی نہ کوئی ٹکا آکے قبر پر
ثابت قدم جو کچھ ہی تو شمع مزار ہے

عشاق پاس آکے یہ اونکی بلا سنے
ہے ہے ہی دلکی ہائے جگر کی پکار ہے

حیران ہین غزال نکالے ہوئے زبان
سرمہ کسی کی آنکھ مین دنبالہ دار ہے

عکس جبین کی کب مژہ و چشم پر ہے دھوپ
گوشہ نشین غزال تہ شاخسار ہے

آتی نہین ہی کان پڑی عدل کی صدا
ای دوست تیرے رحم کی ایسی پکار ہے

وہ خود بھی دیکھتے ہین عجب اک نگاہ سے
قد کی مرے شبیہ جو میرا غبار ہے

یارب مین کوئی شیشہ عینک بھی تو نہین
پھر کیون نظر کسیکی کلیجے کے پار ہے

صدا اپنی بعد مرگ بھی بھولا نہین جو مین
قد پھر بلند خاک سے میرا غبار ہے

کس کس کا حفظ اب مین کرون دست غبار
موجِ ہوا بھی تیغ سری کا وار ہے

ہر استخوان مُنھ کو نکالے ہے قبر سے
یا رب مزار بھی کیا تنگ و تار ہے

رحمت سے دور ہون تو کرون ترک معصیت
یون بھی تو مشکل ای مرے پروردگار ہے

کیا اونکی آنچلون سے اوڑی ہی ہماری خاک
پھر کیا ہے کہ ہوا پہ ہمارا غبار ہے

دوزخ جو تیرے پاس ہو راضی ہو اوس پہ مین
ای دوست تیرا بعد غضب ناگوار ہے

پست و بلند دہر ہے راہ عدم مین بھی
تابوت کا چڑھاو لحد کا اوتار ہے

سینہ سی ہاتھ اوٹھا کے یہ کہتے ہین طپش سے
تھمتا نہین ہے ہاتھ یہ دل بیقرار ہے

ای دوست دو اب ہو اذن تو مین باریاب ہون
وہ تیری بارگاہ یہ میرا غبار ہے

صد شکر عکس آئینہ بھی سبزہ رنگ ہے
اونکے لیے بھی اونکی نظر زہر دار ہے

جاتا جہان تھا حشر سی جنکو وہ جا چکے
اب مجکو حکم کیا مرے پروردگار ہے

غزل ۱۲۶	رحمت کے اعتماد پہ ماہر کیے گناہ اب عفو وہ کرے نہ کرے اختیار ہے	شعر

چلے وہاں نہ قدم کے جہاں نشان ہوئے — عجیب قسمت جگر سے اپنے امتحان ہوئے

زبان دہر زالت میں پھول بان ہوئے — بڑھے حسین کی آخر خلق کی شان ہوئے

اوسی چمن میں خم زلف کی کمان ہوئے — ہمارے دل کی جو گرمی سے کچھ نشان ہوئے

بس اے فنا جہاں سب کو تری دھیان ہوئے — کھلیں حبابوں کی آنکھیں گلو نگوں کا ہوئے

جہان کے حسن فنا کے ہوا اونکی جان ہوئے — جوانی چمن کے لوگوں کی وہ جوان ہوئے

جہاں پہ بیٹھ گئے گرد غم زمین بنی — اوڑے جو ہوش سر سے آسمان ہوئے

غزل ۱۲۷	یہاں تلک تو تواضع پہ جان دی ماہر کہ حضرت ملک الموت میہمان ہوئے	شعر ۶۰

دل وہاں پاؤں تلے نقش کف پا ہوتا ہے — آرزو دیکھ نکل کر یہ کیا ہوتا ہے

دل لعل میں ہو تو باتوں کا مزا ہوتا ہے
دل کا بس ڈال ہی کچھ خوب گلا ہوتا ہے

پھر کیوں تارکِ طاعتِ خدا ہوتا ہے
دم آخر تو سرِ شیخ جھکا ہوتا ہے

دنکو ہوتا ہے تو پھر [illegible] کیا ہوتا ہے
شب کو سایہ بھی تو پھر پھر کے جدا ہوتا ہے

حشر میں ہوتا ہے جو کچھ وہ بجا ہوتا ہے
آپ آجائیں تو پھر دیکھیے کیا ہوتا ہے

شمعسان پست جو ہوتا ہے تو کیا ہوتا ہے
سر مع جسم نشانِ کفِ پا ہوتا ہے

کیا بشر نزع میں بھی محوِ خطا ہوتا ہے
سر پہ جو تیغ کی جا ناخنِ پا ہوتا ہے

ہے یہ کچھ اور جو پامالِ ادا ہوتا ہے
دل تو سنتے تھے کلیجے سے لگا ہوتا ہے

دل مرا راہِ بتان میں جو فنا ہوتا ہے
سببِ ہمتِ مردانِ خدا ہوتا ہے

ایک کوچے میں تو خوش تیرا گدا ہوتا ہے
خیر کر خیر سے دنیا میں بھلا ہوتا ہے

لڑنے وہ آتے ہیں دل مجھسے خفا ہوتا ہے
چھوٹتا بیس کی ہی یہان دیکھیے کیا ہوتا ہے

ہم تو ہم وصل میں وصلی کے یہ کیا ہوتا ہے
وہی کاغذ ہے جو جھٹ بھیگی جدا ہوتا ہے

اے اجل پاس مرے رہکے یہ کیا ہوتا ہے
دم وہ لیتا ہے مسافر جو تھکا ہوتا ہے

سب کے ہاتھ تم کا کمان سرسم ادا ہوتا ہے
ایک دل ہی ہے کہ مرتا ہے تو کیا ہوتا ہے

کہہ دو اُس سے جو دم مرگ اُڑاتے ہیں دوا
مجھ سے پرہیز محبت کے یہ کیا ہوتا ہے

حسن او عشق مین جب معرکہ پڑتا ہی کبھی
بت اودھر ہوتے ہین اس سمت خدا ہوتا ہے

سرسی ہوتا ہون سبکدوش الٰہی شکر
تیغ کا حق مری گردن سے ادا ہوتا ہے

مہربان چین جبین کو مری رہنے دیجئے
کہین مٹتا ہے جو قسمت کا لکھا ہوتا ہے

آئے کیون رو نکلی آواز نہ پہلو سی مجھے
دل مرا جان کلیجے سے جدا ہوتا ہے

واہ رے سن دم نزع یہ فرماتے ہین
آج کیا درد کلیجے مین ہوا ہوتا ہے

ہر کلی سی نکل آئی ہی تڑپکر نگہت
کہین قیدی قفس کی رہا ہوتا ہے

مرتے دم سر پہ ردا ڈالتی ہو حسرت کو بھی
